بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, the 5th July, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَئِن
سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ فَأَنّٰى يُؤْفَكُونَ ﴿٦١﴾ اللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَآءُ مِنْ
عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٢﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُم
مَّن نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنۢ بَعْدِ مَوْتِهَا
لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٣﴾
وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ وَإِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ
لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٦٤﴾

ترجمہ : اور اگر ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے تمہارے زیر فرمان کیا تو کہہ دیں گے خدا نے ، تو پھر یہ کہاں الٹے جا رہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, the 5th July, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَئِن
سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ فَأَنّٰى يُؤْفَكُونَ ﴿٦١﴾ اللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَآءُ مِنْ
عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٢﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُم
مَّن نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ مَوْتِهَا
لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٣﴾
وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ
لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٦٤﴾

ترجمہ : اور اگر ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے تمہارے زیر فرمان کیا تو کہہ دیں گے خدا نے، تو پھر یہ کہاں الٹے جا رہے

ہیں۔ خدا ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے بے شک خدا ہر چیز سے واقف ہے اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں سے پانی کس نے برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد کس نے زندہ کیا توکہہ دیں گے کہ خدا نے۔ کہہ دو کہ خدا کا شکر ہے لیکن ان میں اکثر نہیں سمجھتے۔ اور یہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے اور ہمیشہ کی زندگی کا مقام توآخرت کا گھر ہے۔ کاش یہ لوگ سمجھتے۔

جناب چیئرمین : جزاک اللہ ۔۔۔ جی جناب فصیح اقبال صاحب۔

FATEHA

سید فصیح اقبال : جناب ملک کے ممتاز نیوز کاسٹر عبدالسلام صاحب ایک ناگہانی ٹریفک کے حادثے میں انتقال کر گئے ہیں۔ انکی ریڈیو، ٹی وی کے لئے بڑی خدمات ہیں۔ ان کے لئے فاتحہ خوانی کی جائے۔

جناب چیئرمین : جی فاتحہ پڑھی جائے۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

سید فصیح اقبال : جناب پوائنٹ آف آرڈر جناب آج ڈیڑھ بجے کا وقت تھا قومی اسمبلی اور سینٹ کی حدود میں ایک ہیلی کاپٹر اترا۔ وہ ایک پلاننگ کے تحت اترا کیونکہ کچھ لوگ receive کرنے والے تھے۔ اس سے دفتر میں اور کمیٹیوں میں بیٹھے لوگوں میں کافی پریشانی اور بے چینی پھیلی۔ یہاں پر ہیلی کاپٹر اترنے کی کوئی جگہ نہیں اور یہ بلاوجہ ایسا ہونا۔۔۔

جناب چیئرمین : کہاں پہ اترا؟

سید فصیح اقبال : یہ آپ کے سامنے فوارہ پر۔ اسی حدود میں، جس میں آپ کی اور سپیکر کی اجازت درکار ہوتی ہے۔ اس حدود میں کوئی میلہ، جلسہ ایسے نہیں ہو سکتا۔ ویسے جو ہیلی کاپٹر اترا ہے مجھے تو پتہ نہیں لیکن شنید ہے کہ وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار قیوم صاحب اترے تھے۔

جناب چیئرمین : چلیں پھر اتنی خطرناک بات نہیں ہے۔

سید فصیح اقبال : نہیں نہیں یہ خطرناک ہے۔ لیکن میں یہ بتا دوں کہ یہ لوگوں نے بتایا ہے۔۔۔

جناب چیئرمین : آپ نے تو ڈرا ہی دیا تھا۔

سید فصیح اقبال : یہ تو سارے لوگ اسی وقت ڈرے تھے جب ہیلی کاپٹر اترا کہ کیا ہوا ہے۔ اگر اس قسم کی چیزوں کا آپ نے نوٹس نہ لیا تو ہیلی کاپٹر یہاں اترتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین : جی میں پتہ کراتا ہوں سیکرٹریٹ کے یہ نوٹ کر لیں کہ جی please find out کہ یہ بغیر اجازت کے کیسے آیا؟

میاں عالم علی لالیکا : پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب آج مقام افسوس ہے کہ opposition کے benches خالی نظر آرہے ہیں آپ کی آمد سے قبل کوشش کی گئی تھی کہ ان کو بلا کر لایا جائے۔ میں درخواست کروں گا کہ اگر ہاؤس مناسب سمجھے تو باقاعدہ کچھ افراد جا کر ان کو منا کر لائیں۔

چوہدری امیر حسین : جناب محمد علی خان صاحب لیڈر آف دی ہاؤس ابھی آجاتے ہیں تو فیصلہ کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین : جی مناسب تجویز ہے تو کیا خیال ہے کچھ دیر کے لئے ہم ہاؤس ایڈجرن کر دیں۔

چوہدری امیر حسین : اجلاس تو جاری رہے لیکن ہم کچھ دوست جا کر منا لاتے ہیں۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب اگر ہم ان کو participation دینا چاہتے ہیں تو کچھ دیر کے لئے ایڈجرن کرنا ہی مناسب ہے۔

جناب چیئرمین: جی پھر میں پندرہ منٹ کے لئے ایڈجرن کرتا ہوں تو آپ جائیں اور ان سے بات کریں۔

(The House was adjourned for 15 minutes)

[The House re-assembled after interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].

Mr. Chairman : Yes, Yahya Bakhtiar Sahib ! Would you like to say something ?

Mr. Yahya Bakhtiar : Mr. Chairman, I would like to say, with all respect that we have come in the House under protest. I would like to say that the proceedings which took place on Thursday last were not in accordance with the rules or parliamentary traditions and were illegal. Sir, we want to keep the dignity of the House, we want to uphold the parliamentary traditions, we are all for that but we were very much disappointed the way you conducted the proceedings that day. I got up after the Law Minister, Law Minister made a statement as to what happened about the allocation of funds for development schemes. I was going to object to that you said you can't move a resolution — O.K., I might have been wrong but this was for my honourable Members sitting here to object. You take it upon yourself, all the time, we feel to defend the government, as we said, as a goal keeper. I am sorry to use this word but we feel that way. So, Sir, I want this to place on the record that the way proceedings were conducted after that we walked out but without quorum. When Sayed Iqbal Haider came and pointed out, nobody from here said now the quorum is complete, you were defending that. We were there in the launge to hear every thing. You have come now. You are 22 now or 21 now. He said, I am not here, I am going out but any way even if the quorum was complete, it was for them to say it is complete but that also you took upon yourself. So, under those circumstances, we hope that we, in future will not

feel that you will conduct the proceedings in an impartial manner and that you will treat both sides with consideration and give equal opportunity as one expects from the Chairman as an umpire. Thank you.

Mr. Chairman : Mr. Yahya Bakhtiar, as you know that personally I have the highest respect for you. You are a very senior Counsel, you are a very senior lawyer, I have always looked up to you and as far as your statement that I should try and be fair, I can assure you that I will try my best to be as fair a human being can. Of course, I am a human being. Sometimes, I may conduct proceedings to which either side may have objection but as far as I am concerned, I will try my best to conduct the proceedings fairly and in accordance with the rules. What happened that day ? You rose up and you said that you wanted to move a resolution. Prior to that, every thing was conducted in full open view of the public. There was a discussion on the allotment of funds, there were questions being asked, I allowed the questions to be raised and this is all I can during the question hour. When you said you wanted to move a resolution, I objected. I think it is my duty to object and to tell you that a resolution can not be moved because, to move a resolution, number one; it was a private members' resolution, it can only be moved on a Private Members' Day. Number two, even when a resolution is moved, you have to give notice to the other side because on a resolution, there is voting and therefore it is fair that both sides should have notice so that if there is voting, then both sides can organize themselves. Thirdly, when a resolution is brought to the office, we examine it to see whether it is admissible and there is a balloting which takes place to determine the order of precedence. However, if let us say you want to move a resolution and the House allows the suspension of the rules for that purpose, then it can be done and there was, I think, lack of communication or misunderstanding. If you had wanted to move a suspension resolution, there was no problem, if you wanted to make a statement, there was no problem but I think there was lack of communication and may be you should have been allowed to say your piece and the things could have been clarified but may be I acted in haste and I said that resolution can not be allowed and this is what I feel is in accordance with the rules. If I don't follow the rules, then tomorrow I will have a problem because every member may do things and I will have the proceedings totaly out of control

and therefore, when I try and do this, correct the honourable members, it is so that I can conduct the House in a proper manner. You have also raised the question of quorum, after you walked out. Mr. Iqbal Haider came into the House and he raised the question of quorum. My duty as Chairman is to immediately direct counting and I did that and the counting is done by the staff of the House, they told me the quorum is complete, I checked up myself there were 22 members in the House at that time including myself there were 23. Mr. Iqbal Haider did not object to that. All he said was that I am leaving and I pointed out to him that Mr. Iqbal Haider now that, in your presence the counting has been done and the quorum is complete, when you walk out somebody would have to again point out the quorum. Now public may not understand that but the quorum has to be pointed out under the Constitution even if the House is not in the quorum and no member points out, the House can still continue. It is only when it is pointed out then it is the duty of the Chairman to have count done which I did. There were at that time 22 including Iqbal Haider including myself 23, he moved out and immediately two or three members came in and nobody even pointed out if somebody had done it, I would have immediately directed a count again which is my duty but anyhow, I am grateful to you that you have come back. I hope that I will have your cooperation and on my part I can assure you that not only I have great respect for you personally but I will try my best, as far as humanly possible, to conduct the House fairly and in accordance with the rules and I hope that you help me in this. Thank you.

جناب چیئرمین: جی لاء منسٹر صاحب آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟

چوہدری عبدالغفور: جناب چیئرمین میں بھی یہی عرض کرنے والا تھا کہ اول تو ہم مشکور ہیں اپنے اپوزیشن کے ممبران کے کہ وہ واپس تشریف لائے ہماری درخواست پر لیکن اس بات کا تھوڑا سا افسوس بھی ہے کہ چیئرمین کے بارے میں یہ بات کہی گئی کہ impartiality جو ہے وہ doubtful ہے اور آئندہ جب وہ بیٹھیں گے تو یہ محسوس نہیں کریں گے کہ چیئرمین جو ہے وہ impartial ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس دن تھوڑی سی یوں ہی جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ lack of communication کی وجہ سے ایسا ہوا لیکن میں اب بھی اس کو maintain کرتا ہوں کہ ایک تو کورم کو count کرنا اور declare

کرنا چیئرمین کی ڈیوٹی ہے اور یہ کہنا کہ ہم میں سے count کر کے ہم کہتے ہیں کہ quorum نہیں ہے یہ بات رولز کے مطابق درست نہیں ہے آپ نے صحیح فرمایا کہ staff count کرتا ہے اور Chairman announce کرتا ہے کہ whether the House is in quorum or not in quorum? اس لئے یہاں تک تو یہ بات قطعی درست نہیں ہے کہ چیئرمین کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ ہاؤس کے کورم کا announce کرے۔

جہاں تک یہ بات ہے کہ اس دن جو کچھ outside the House طے ہوا اس کے مطابق میں نے آکر statement دینی تھی نہ تو ہمیں ہمارے فاضل دوست نے بتایا تھا کہ کوئی resolution ہم نے پیش کرنی ہے اور نہ ہمیں اس بات کا علم تھا اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر in obedience to the rules اگر کوئی بات جناب نے point out کی تو یہ کوئی ایسی خلاف قانون یا خلاف ضابطہ بات نہیں تھی اس لیے اس چھوٹی سی بات پر چیئرمین کے بارے میں اس قسم کی رائے. کا اظہار کرنا میں سمجھتا ہوں درست نہیں ہے۔ رہ گئی بات یہ کہ اس دن کا کارروائی غیر قانونی تھی وہ عین قانون کے مطابق تھی House was in quorum اور count ہونے کے بعد دیگر ممبران کے آنے کے بعد جب تک ہم نے کوشش کی کہ ہمارے فاضل دوست یہاں تشریف لائیں لیکن House was in quorum اور اس کی کارروائی قانون کے مطابق تھی اب بھی ہم ان کے مشکور ہیں اور جو dispute تھوڑا بہت ہے ہم نے طے کیا ہے---

Mr. Chairman : I am grateful to Mr. Yahya Bakhtiar as I have said that on a personal level I have the highest regard for his integrity, for his seniority, for his acumen and I hope that we will be able to now conduct the House in a proper manner with his cooperation.

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, you have said that there was a lack of communication. You said that it was not your duty. Somebody has to point out whether there is quorum or not, you said the duty of the Chairman.

(Interruption)

Mr. Chairman : Let me clarify, somebody has to point out after that a count is done.

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir it is not consistent with the parliamentary traditions. When Opposition walks out, they don't continue the proceedings and they make an effort to see that they come back.

Mr. Chairman : I got adjourned the House for 15 minutes.

Mr. Yahya Bakhtiar : That is before. We first walked out, after that when I walked out alongwith my colleagues.

جناب چیئرمین : اسوقت بھی میں نے request کی تھی کہ مہربانی کر کے ان سے بات کریں۔

Mr. Yahya Bakhtiar : We heard it. You continued to stream roll all the Bills that was the grievance.

Mr. Chairman : Let us hope such a situation will not arise again and we will cooperate in the proper conduct of the proceedings of the House.

Mr. Yahya Bakhtiar : The Chair, in all occasions has to be consistent with the tradition, uphold the dignity of the House but I will say that it is for them to raise objection, even the resolution they should have raised objection.

جناب چیئرمین : نہیں! وہ بھی میری ڈیوٹی ہے۔

Mr. Yahya Bakhtiar : No, I don't agree for a moment.

Mr. Chairman : Let us say somebody says that I want to move a motion then I have to react and say that sorry it can not be done.

Mr. Yahya Bakhtiar : They have to object and then you

react. You will decide whether this can be done or not, you are a judge.

Mr. Chairman : No, not on objection, let us say somebody wants to move a resolution today, I can tell him immediately that sorry, it can not be done.

Mr. Yahya Bakhtiar : You can find in the House of Commons, the Speaker does not say.

Mr. Chairman : On this I think we have an honest difference of opinion and we can discuss it further and see the rules in the Parliamentary Practice but as I said that I will try my best and I hope that the House will be run with the cooperation of both the government and the Opposition and I am grateful to you for coming back to the House. Thank you very much. Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : رخصت کی درخواستیں، جناب حسن اے شیخ صاحب نے ناسازی طبع کی بنا پر ایوان سے ۵ جولائی تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے، منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : سید مزمل شاہ صاحب نے ۱۸ تا ۲۲ تا ۲۴ اور ۲۸ جون تا یکم جولائی ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : سید عباس شاہ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے یکم جولائی ۱۹۹۲ء کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے، منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : پروفیسر خورشید احمد صاحب اپنے بہنوئی کے آپریشن کی وجہ سے لندن تشریف لے گئے ہیں انہوں نے ایوان سے ۵ جولائی تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت

کی درخواست کی ہے، منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب محمد طارق صاحب نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر ۵ اور ۶ جولائی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : اس کے علاوہ اطلاع دی گئی ہے کہ جنرل مجید ملک صاحب اور فخر امام صاحب ۵ تا ۹ جولائی اور ۵ تا ۲۵ جولائی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

PRIVILEGE MOTIONS

Mr. Chairman : Now we come to Privilege Motions. There is a privilege motion standing in the name of Hafiz Hussain Ahmed Sahib.

حافظ صاحب آپ کا ایک پریویلج موشن ہے۔

i) Re:Quota of telephone installation recommended by the Senators.

حافظ حسین احمد : شکریہ جناب چیئرمین میں نے اپنے ٹیلی فون کے ماہانہ کوٹے سے گزشتہ سال مسٹر غلام اللہ سریاب روڈ کوئٹہ اور مسٹر محمد اشرف سریاب روڈ کوئٹہ کو دو ٹیلی فون فارم دیئے مگر حسب روایت ان پر بھی آج تک عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ بارہا یقین دہانیوں کے بعد ہر وقت یہی جواب ملتا کہ اسی ہفتے لگوا دیں گے اس کے علاوہ بعض ٹیلی فون کے ڈیمانڈ نوٹ بھی جمع کروانے کے باوجود اب تک ان کو کنکشن نہیں دیا گیا۔ مندرجہ بالا دو کیسز میں بڑی مشکل سے ڈویژنل انجینئر ڈیجیٹل سریاب روڈ کوئٹہ سے تحریراً لکھوا لیا گیا کہ ہمارے پاس کسی سینیٹر کی سفارش پر ٹیلی فون لگانے کی گنجائش نہیں ہے۔ اس سے بحیثیت رکن سینیٹ میرا استحقاق مجروح ہوا۔ اس لیے اس مسئلہ کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : اپوزڈ سر؟

جناب چیئرمین : مختصراً بیان فرما دیں۔

حافظ حسین احمد : جناب چیئرمین صاحب بحیثیت رکن ایوان بالا ہمارا صرف ایک ہی استحقاق ہے اور وہ یہ کہ چند ٹیلی فونز کی ہم سفارش کر سکتے ہیں۔ لیکن میرے خیال میں ایوان کے دونوں جانب بیٹھنے والے تمام سینیٹرز کا مسئلہ ہے اور خصوصاً بلوچستان میں یہ صورت حال ہے دو سال پہلے ہم نے جو سفارشات دی ہیں اور جن فارموں پر ہم نے سائن کیے ہیں اب تک ان فارموں پر ٹیلی فون نہیں لگائے گئے اور اس ایوان کے فلور سے میں نے چند شواہد بھی پیش کئے۔ یہاں ایک ٹیلی فون کے لیے میں نے سفارش کی اور انہوں نے یہی جواب دیا ہمارے پاس ٹیلی فون نہیں ہے جس آدمی کو میں نے وہ فارم دیئے تھے اس نے وہاں جا کر ۲۰ ہزار روپیہ جمع کرا کر ۲۴ گھنٹے کے اندر ٹیلی فون لگوا لیا اور اس کے کاغذات بھی میں نے اپنی تحریک استحقاق کے ساتھ لگا دیئے تھے اور اس پر وزیر موصوف نے کہا تھا کہ آئندہ ایسی صورت حال پیدا نہیں ہو گی اس کے باوجود بھی میں نے دو ٹیلی فون کے متعلق کہا ہے ان کے فارم جمع ہو گئے ہیں اور ڈیمانڈ نوٹ جمع ہو چکے ہیں اور ڈویژنل انجینئر نے اپنے سرکاری پیڈ پر لکھ کر دیا ہے کہ ہمارے پاس کوئی گنجائش نہیں ہے تو میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ڈیمانڈ نوٹ کب جمع کرنے کے لیے جاری کئے جاتے ہیں۔ یہ اس وقت جاری کیے جاتے ہیں جب مکمل طور پر رپورٹ ہو کہ وہاں پر کیبل موجود ہے اور ٹیلی فون کی سہولت موجود ہے تب وہ ڈیمانڈ نوٹ جاری کیے جاتے ہیں تا کہ وہ تین ہزار اور کچھ روپے جمع کرا دیں جبکہ چھ ماہ سے یہ دونوں ڈیمانڈ نوٹ جمع کرائے جا چکے ہیں اور پیسے انہوں نے بنک میں جمع کرا دیئے ہیں میں نہیں سمجھتا کہ اس کے بعد بھی یہ کہنا کہ ہمارے پاس گنجائش نہیں ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے اور اس بارے میں جتنے بھی سینیٹر ہیں وہ یک زبان ہمارے ساتھ ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس مسئلے کے بارے میں ہمیں مطلع کیا جائے۔

جناب چیئرمین : شکریہ، جناب ہوتی صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب چیئرمین اس سے پہلے بھی اس قسم کی پریویلج موشن معزز ممبر کی طرف سے آئی تھی اور وہ بھی اسی قسم کا ایک واقعہ تھا جہاں پر انکا ٹیلی فون انسٹال نہیں ہو سکا۔ جناب والا! اس سے پہلے کہ میں اس کے دفاع میں کچھ کہوں کہ یہاں پر کیوں ٹیلی فون نہیں لگ سکا۔ میں نے اس وقت بھی یہ گزارش کی تھی اور اب بھی یہ گزارش کرنا چاہونگا ٹیلی فون خالصتاً ایک ٹیکنیکل مسئلہ ہے اور اس میں شک نہیں کہ یہ ایک discretionary کوٹہ ہے جو معزز سینیٹر اور ممبر نیشنل اسمبلی کو دیا جاتا ہے اور اس کا حق ہے اور کوشش بھی یہ ہوتی ہے کہ وہ priority پر لگایا جائے لیکن جہاں پر گنجائش نہ ہو تو میں نے وہاں پر اس وقت بھی گزارش کی تھی کہ آپ تھوڑا سا انتظار فرما لیں جہاں پر معزز سینیٹر نے ڈسکریشنری کوٹے سے ٹیلی فون دیا ہے وہاں پر اس ایکسچینج کی ٹوٹل گنجائش ۵ ہزار لائن ہے۔ جس میں ۴۹۱۰ ورکنگ کنکشن ہیں۔ جناب والا خاص کر ڈیجیٹل ٹیلی فون جو کہ ایک بڑا ہی sophisticated mechanism رکھتا ہے اس کے لیے ۸۵ فیصد سے زائد لوڈنگ نہیں چاہیئے اگر اس حساب سے دیکھا جائے تو اب تک جو کنکشن ہیں وہ زیادہ ہیں کیونکہ اس میں جو ڈسک استعمال ہوتی ہے اگر وہ اوور لوڈ ہو جائے تو اس کے جلنے کا خطرہ ہوتا ہے اور اس سارے ایکسچینج کا نظام اس ایک ڈسک سے چلتا ہے اور اگر وہ ڈسک جل جائے تو وہ تمام ایکسچینج رک جاتا ہے ایسی صورت حال میں مزید کنکشن دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ میں یہ بھی گزارش کروں کہ اس ایکسچینج کی expansion کے لیے کوئٹہ کی سنٹرل ایکسچینج سے ریموٹ لائن یونٹ یعنی آر ایل یو کے ذریعے تین ہزار لائنیں مہیا کی جائیں تا کہ یہ جو لوگ ہیں یا یہ کہ جو pending کیسیز ہیں وہ ہو جائیں لیکن اس دوران فرانس کی ایک کمپنی Albatel ہے ان سے بھی ایل ٹی میں ایک معاہدہ ہوا Built Lease Transfer ایک لاکھ ۸۲ ہزار ٹیلی فونوں کا جس میں سے ایک لاکھ ۶۲ ہزار ٹیلی فون اس نے کراچی میں لگانے تھے جس میں سے ایک لاکھ ٹیلی فون کراچی میں کام شروع کر چکے ہیں۔ دس ہزار ٹیلی فون سندھ ٹیلی کمیونی کیشن ریجن حیدرآباد میں لگانے تھے اور دس ہزار ٹیلی فون ڈبلیو ٹی آر یعنی Western

Telecommunication Region کوئٹہ میں لگانے تھے اس کا بھی انتظار نہیں کیا گیا کیونکہ وہ بتدریج ایک پروگرام تھا اور اس میں بھی وقت لگتا اور پی ٹی سی نے پھر خود ہی ایک پروگرام کے تحت یہاں توسیع کے لیے کام شروع کیا اور انشااللہ مارچ ۹۳ء تک سریاب ایکسچینج کی expansion ہو جائے گی میں بھی ذاتی دلچسپی لے رہا ہوں اور کوشش یہ کی جا رہی ہے کہ مارچ کی بجائے یہ دسمبر میں ہو جائے اس expansion کے ساتھ اس قسم کی تکالیف دور ہو جائیں گی آپ کو یاد ہو گا میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی اسی پارلیمنٹ کی بلڈنگ میں کسٹمر سروس کا اجراء کیا گیا ہے آپ تشریف نہیں رکھتے تھے ڈپٹی چیئر پرسن آئیں تھیں سپیکر نیشنل اسمبلی نے افتتاح کیا تھا اس میں ہم نے سینیٹرز اور ایم این ایز جو discretionary کوٹہ دیتے ہیں اس کو ہم نے کمپوٹرائز کیا چونکہ کمپوٹر نے ابھی تک کام شروع نہیں کیا لہذا آن ریکارڈ جو معلومات ہیں تو جو ٹیلی فون جس وجہ سے نہیں لگا اس کی وجوہات بھی وہاں پر معلوم ہو سکتی ہیں۔ اگر وہ جا کر پوچھیں کہ انہوں نے اس تاریخ کو ٹیلی فون دیا تھا اس پروفارمے پر فلاں بندے کو اس کی کیا پوزیشن ہے۔ وہ اطلاعات وہاں پر فراہم کرتے ہیں اگر معزز اراکین اس سے پہلے کہ تحریک استحقاق پیش کریں اور اس کو اپنے استحقاق کا مسئلہ بنائیں اگر کسٹمر سروس سے معلومات حاصل کریں تو انہیں صحیح معلومات حاصل ہو جائینگی یہ خالصتاً ایک ٹیکنیکل مسئلہ ہے اس میں جان بوجھ کر یہ نہیں کیا گیا۔ جہاں انہوں نے اشارہ کیا کہ ۲۰ ہزار روپے دیکر ٹیلی فون لگایا گیا تو میں نے کہا تھا کہ میں I will probe into it. میں تحقیقات کرونگا۔ جناب والا وہ ایک سکیم ہے کہ ۲۰ ہزار روپے داخل کر کے ۲۴ گھنٹے کے اندر فون لیا جا سکتا ہے کوئی بھی جگہ ہو۔۔۔

جناب چیئرمین: سریاب ایکسچینج میں بھی لیا جا سکتا ہے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: وہ سارے پاکستان میں ہے۔

جناب چیئرمین: یہاں لیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: یہاں پر تو گنجائش ہی نہیں ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے

یہ بھی ہوتا ہے ٹیلی فون بند ہو جاتے ہیں اب ہمیں وہ ورکنگ کنکشن کا پتہ ہوتا ہے جو ریجنل آفس سے ریکارڈ آتا ہے۔ اس دوران یہ بھی ہوتا ہے کہ نان پے منٹ کی وجہ سے ٹیلی فون بند ہو جاتے ہیں۔ ۹۵ دن ٹیلی فون بند رہنے کے بعد مزید چار مہینے ان کی پے منٹ نہیں ہوتی وہ ٹیلی فون کیبل سبسکرائبر سے withdraw کر دیا جاتا ہے اس کا ریکارڈ ہم تک نہیں ہوتا اگر کہیں دو چار ٹیلی فون ہمارے علم کے بغیر وہ متعلقہ عملہ دے دے تو وہ ہو سکتا ہے لیکن جہاں تک ورکنگ کنکشن کا ہے اس کا باقاعدہ ہمارے پاس ریکارڈ ہوتا ہے تو یہ ایک تو یہ ایک ٹیکنیکل مسئلہ ہے۔۔۔

جناب چیئرمین : اس پر میرے خیال میں .... I would request you دو چیزیں ہیں ایک تو آپ نے فرمایا کہ یہ ایک ٹیکنیکل مسئلہ ہے اور کوشش ہو گی کہ دسمبر ۹۲ء تک ہو جائے۔ دوسرا میں ریکوئیسٹ کرونگا کہ آپ ان کو ہدایات جاری کر دیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : مارچ ۱۹۹۳ء میں۔

جناب چیئرمین : But you are saying that may be by December, 1992. دوسرا آپ نے یہ فرمایا کہ کئی دفعہ یہ ہوتا ہے کہ نان پے منٹ یا کسی اور وجہ سے کنکشن بند ہو جاتا ہے تو لوکلی وہ کر دیتے ہیں ان کو اگر احکامات جاری کر دیں کہ اگر ایسی صورت حال ہو تو حافظ صاحب کے جو ٹیلی فون ڈیمانڈز ہیں وہ پورے کیے جائیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا ! جب سے یہ استحقاق آئی۔۔۔

جناب چیئرمین : اس وقت تو یہی مسئلہ ہے۔

(مداخلت)

سید اقبال حیدر : سر میں گزارش کروں کراچی شہر میں بھی۔۔۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : یہ احکامات already دیئے جا چکے ہیں اور اب تو arrears recover کرنے سے اتنی massive disconnection ہوئی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ہزاروں ایسے ٹیلیفون ہوں گے جو کہ non-payments کی وجہ سے مستقل بند ہو جائیں گے، وہ بھی surplus ہو رہے ہیں اور

کراچی میں تو یہ پرابلم ہے نہیں جناب والا، وہ Target cross کر لیا ہے، ایک لاکھ کنکشن نے ابھی کام شروع کر دیا ہے، بعض جگہوں کے علاوہ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ کراچی جیسے شہر میں ۲۴ گھنٹے کے نوٹس پر ٹیلیفون لگا ہے۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ وہ اس پر زور نہ دیں۔

جناب چیئرمین: وہ میں ان سے request کرتا ہوں Do I take it کہ آئندہ ایسی کوئی disconnection ہوئی، کوئی نمبر خالی ہوا تو ان کو accommodate کیا جائے گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: آپ ان سے کہہ دیں کہ آئندہ سے جو disconnections ہوں non-payment کی وجہ سے تو اس کا بھی ریکارڈ رکھیں۔

جناب چیئرمین: اس میں ان کو accommodate کیا جائے گا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: ٹھیک ہے جی۔ We can keep a record

جناب چیئرمین: جناب یحییٰ بختیار صاحب۔

جناب یحییٰ بختیار: یہ اگر آپ ٹیلیفون نہیں دے سکتے تو ڈیمانڈ نوٹس کیوں بھیج رہے ہیں؟ میں نے کچھ ٹیلیفون کی سفارش کی ہے ان کے پاس ڈیمانڈ نوٹس آ گئے ہیں، لیکن تین تین چار چار ماہ گزرنے کے باوجود ان کو ٹیلیفون نہیں دیئے جاتے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا، کوئٹہ شہر میں سات ہزار لائنز کا ایک ایکسچینج تھا، وہ پہلے ہی overloaded ہے اسی سکیم کے تحت انشاء اللہ ہم اس میں بھی مزید سات ہزار لائنوں کا اضافہ کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: راجہ محمد ظفر الحق صاحب! آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

راجہ محمد ظفر الحق: میں وزیر موصوف سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ بڑا نازک اور ٹیکنیکل معاملہ ہے، دو تین دفعہ اس پر انہوں نے زور دیا ہے میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں اور وہ اتنا ٹیکنیکل ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ درخواست کسی سینیٹر کی recommended ہے اور ٹیلیفون لگانا چاہیئے، وہ کہتے ہیں کہ گنجائش نہیں ہے، pair available نہیں ہیں، اگر زیادہ لگائے تو ایکسچینج جل جائیں گے۔ اور یہ سارا blow-up ہو

جائے گا، بڑی ٹیکنیکل سی چیز ہے لیکن اگر آپ ان کو، ان کی مرضی کے مطابق، کچھ ہدیہ کچھ تھوڑی سی "خدمت" کر دیں تو technical reasons رفع ہو جاتی ہیں، میں یہ کہتا ہوں کہ اس میں وزیر موصوف کا کوئی قصور تو نہیں ہے کیونکہ معاملہ بہت ٹیکنیکل ہے اور پورے پاکستان کا ہے اور ہر جگہ یہ جو محکمہ ہے اس میں ہر چیز پر نگاہ تو رکھ نہیں سکتے لیکن ان کو یہ ضرور خیال رکھنا چاہیئے کہ وزیر کا یہ حق ہے، بسا اوقات ان کا فرض بھی بنتا ہے کہ وہ اپنے محکمے کی protection کریں، جو کچھ وہ کر رہے ہیں ان کا دفاع کریں جو حقیقی پوزیشن ہے وہ ایوان میں بتائیں لیکن اس کے ساتھ اس ٹیکنیکل معاملے کو بھی اس حد تک نہ چھیڑیں کہ جہاں ممبرز کے پرویلجز privileges ختم ہو جائیں اور محکمہ یہ سمجھے کہ وہاں ایک آدمی کھڑا ہے جو ہمیں defend کرے گا، خواہ ہم پیسے لے کر، پانچ ہزار یا بیس ہزار، کسی کو یہ مراعات دے دیں اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ انہیں اس بات کا نوٹس اس لحاظ سے لینا چاہیئے جو اس ایوان میں کہا جاتا ہے لیکن wrong billing ٹیلیفون کاٹنا، اور اس کے ساتھ ساتھ پیسے لے کر ٹیلیفون دینا، اس طرح کی شکایات روز لوگ آ کر کرتے ہیں۔ یہ ٹھیک نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اتنا ٹیکنیکل معاملہ ہے کہ اس پر زیادہ دیر بحث بھی نہیں کی جا سکتی۔

جناب چیئرمین: میر عبدالجبار صاحب۔

میر عبدالجبار: جناب والا، یہ بہت اہم مسئلہ ہے ہمارے استحقاق کا سوال ہے ہمیں یہ Computerized form دیئے گئے ہیں اور ان پر لکھا ہی یہ گیا ہے کہ out of turn connection دیئے جائیں گے، اس پر لفظ یہی لکھا ہوا ہے، جہاں تک وزیر صاحب کے ارشادات کا تعلق ہے، وہ آمنّاً صدّقنا، حرف بہ حرف تسلیم کرتا ہوں، جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے وہ بالکل صحیح فرمایا ہے اگر یہ درست ہے اور یہ نہیں ہو سکتا تو مہربانی کر کے ہمیں اپنے حلقہ نیابت میں کم از کم ذلیل تو نہ کیجیئے، لوگ ہمیں کیا کہتے ہیں۔ یہ آپ نہیں جانتے ہم سے وہ فارم واپس لے لیجیئے۔

جناب چیئرمین: میری گزارش ہو گی کہ مہربانی کر کے آپ پتہ کر لیں کہ اس

ایکسچینج سے پچھلے چھ ماہ میں کتنے نئے کنکشنز دیئے گئے ہیں؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا، میں وہ بھی پتہ کر دوں گا۔

Mr. Chairman: So let it, at least be clarified for the members and everybody as to what is happening in these exchanges.

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں وہ بھی پتہ کر لوں گا۔ اس کے لئے بھی میں تیار ہوں کہ میں اس کا جواب دے سکوں، جہاں تک راجہ صاحب کے ارشاد کا تعلق ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ اس محکمے میں تمام لوگ پاک ہیں، یقیناً کرپٹ لوگ ہوں گے لیکن آج تک کوئی معزز رکن پارلیمنٹ یہ ثابت کرے کہ ان نے مجھے یہ آکر کہا ہو کہ آپ کا فلاں افسر یا کارندہ جو ہے وہ پیسے مانگ رہا ہے، کم از کم نشاندہی تو کریں، اگر یہ تنقید کرتے ہیں تو کوئی ایک کیس لائیں، کوئی ایک ثبوت لائیں۔ نشاندہی کریں، کسی کو پکڑوائیں، میں اپنے پیسے دیتا ہوں کہ یہ جا کر دیں، میں اپنے ہی آدمی کو پکڑ کر سولی پر لٹکا دوں گا۔ لیکن یہ صرف تنقید کرتے ہیں۔ نشاندہی بھی کریں، اس میں تو مدد کریں۔

جناب چیئرمین: اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر: میں وزیر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ کراچی میں ۲۴ گھنٹے کے اندر کنکشن مل رہے ہیں، میرا تعلق کراچی سے ہے اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ پچھلے تیرہ مہینوں میں ۹۱ recommendations تو میں نے issue کیں ہمیں ایک مہینے کی سات ملتی ہیں، ان ۹۱ میں سے ابھی تک صرف ۳۸ لگے ہیں اور باقی کے بارے میں ایک standard reply آتا ہے کہ گنجائش نہیں ہے، pair available نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: اس قسم کی شکایت کے بارے میں آپ انہیں لکھ کر دے دیا کریں۔

سید اقبال حیدر: ہم لکھتے بھی رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : جو خط ان کے محکمے کی طرف سے آتے ہیں وہ آپ انہیں دے دیا کریں تو وہ ان کو دیکھ لیں گے۔

سید اقبال حیدر : مسلسل یہ خط آتے ہیں کہ جناب pair نہیں ہے، کنکشن نہیں ہے، ایکسچینج میں capacity نہیں ہے۔ لیکن دوسری طرف وزیر صاحب کہہ رہے ہیں کہ ۲۴ گھنٹوں میں ٹیلیفون لگ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : بہرحال یہ خطوط آپ انہیں دے دیں تو کم از کم وہ ان پر کارروائی کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے۔ جی، جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : وزیر صاحب اپنے محکمے کے معاملات میں اتنا "ٹیکنیکلی" چلے گئے ہیں کہ ہم technically ایل بی ڈبلیو ہو جاتے ہیں بات یہ ہے کہ میں نے باقاعدہ writing میں letters لکھ کر point out کیا تھا کہ کراچی حیدرآباد میں فلاں ڈویژنل انجینئر نے پیسے لئے ہیں اور آپ اس کے بارے میں تحقیقات کروائیں لیکن تحقیقات تو کوئی نہیں ہوئی اور میری شکایت کے باوجود وہ ڈویژنل انجینئر وہیں پر ہے۔

دوسری چیز وہ کہتے ہیں کہ "مجھے بتائیں" میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے تحریری طور پر نام لکھ کر دیا تھا کہ ان ڈویژنل انجینئرز نے کراچی اور حیدرآباد میں باقاعدہ کرپشن کی ہے۔ میں نے ایسے ایکسچینجز کی نشاندہی کی ہے کہ جہاں پر پیئرز موجود ہیں لیکن وہاں پر بھی لوگوں سے پیسے لے کر ٹیلیفون لگائے جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں، میں نے ابھی ایک تحریک استحقاق سیکرٹری صاحب کو دی ہے، اگر اس کو بھی لے لیا جائے تو مہربانی ہو گی۔

جناب چیئرمین : اسی سلسلے میں ہے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جی، میرے ٹیلیفون کاٹے ہیں۔

جناب چیئرمین : ٹیلیفون کاٹے ہیں۔ ٹھیک ہے۔ خواجہ محمد آصف صاحب۔

خواجہ محمد آصف : جناب چیئرمین، یہ تو ٹیلیفون کے کوٹے کی بات ہو رہی تھی لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ میرے ذاتی ٹیلیفون کا معاملہ ہے انہوں نے مہربانی کی کہ اسے جلدی لگا دیا لیکن مجھے کہا کہ ہمارے پاس instruments نہیں ہے، میں نے کسی سے مانگ کر instrument لگوایا، اس کے بعد میرے مالک مکان کو بھی ڈیمانڈ نوٹس آ گیا، اس کے لئے بھی میں نے خود instrument provide کیا لیکن ابھی تک اس میں کرنٹ نہیں آئی ہے۔

جناب چیئرمین : میں نے پہلے بھی بات کی تھی شاید آپ کو یاد ہو گا کہ میرے دفتر میں ٹیلیفون بہت عرصہ پہلے کی بات ہے لگ گیا، instrument لگ گیا، سب کچھ ہو گیا لیکن کرنٹ نہیں آرہا تھا۔ میں نے محکمہ والوں سے کہا کہ بھائی بڑی دیر ہو گئی ہے کرنٹ کیوں نہیں آرہا ہے تو اس پر انہوں نے جواب دیا کہ "اب دیر آپ کی طرف سے ہے، ہماری طرف سے کوئی دیر نہیں"

(قہقہے)

میر سہراب خان کھوسہ : جناب والا، وزیر صاحب نے اپنے محکمہ کو اتنا defend کیا ہے کہ اگر سیکرٹری مواصلات یہاں آتے تو شاید وہ بھی اتنا defend نہ کرتے۔ یہ ہم میں سے ہیں کل کو اگر یہ وزیر نہ رہے اور ہمارے پاس آکر بیٹھیں گے تو انہیں بھی پریویلج موشن پیش کرنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے ایسا کرتے ہیں کہ ہوتی صاحب اگر مہربانی کر کے یہ بتائیں کہ پچھلے دو چار مہینوں میں کتنے ٹیلیفون لگے ہیں وہ بتا دیں تا کہ پتہ چل سکے کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا! اگر آپ حکم کریں تو میں آیندہ کے لئے ایک ماہ کی یا دو ماہ کی جتنی بھی کارکردگی ہو، اس کی رپورٹ ایوان کی میز پر رکھنے کے لئے

تیار ہوں وہ میں سینٹ میں بھجوا دیا کروں گا۔

جناب چیئرمین : نہیں، آپ اس سریاب ایکسچینج کے بارے میں مہربانی کر کے یہ پتہ کرلیں کہ واقعی ان کی شکایت صحیح ہے کہ کچھ کنکشن دیئے گئے ہیں، نہیں دیئے گئے ؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جی میں پتہ کرلوں گا کہ اس کے باوجود کوئی ورکنگ connection دیا گیا ہے پچھلے تین چار مہینوں میں۔

میر سہراب خان کھوسہ : جناب، خدانخواستہ کل کو یہ وزیر نہ رہے اور ہمارے پاس آکر بیٹھے، اس وقت انہیں بھی کوئی تکلیف ہوئی اور انہوں نے بھی کوئی پریویلج موشن پیش کیا تو اس پر اس وقت کے وزیر اسی طرح کا بیان دیتے رہے اور اپنے محکمے کو ڈیفنڈ کرتے رہے۔ تو پھر انہیں کتنی تکلیف ہو گی۔ تو یہ ہم میں سے ہیں اس لئے یہ اپنے محکمے کو اتنا defend نہ کریں۔

ایک معزز رکن : ان کے پاس چار cellular ٹیلیفون ہیں محکمے کی طرف سے، اس لئے ان کو فون کی کوئی تکلیف نہیں ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : چار cellular ہیں لیکن ان میں سے دو میرے اپنے ہیں، اور ان کا باقاعدہ بل دیتا ہوں۔

سردار بشیر احمد خان ترین : وزیر صاحب نے کہا ہے کہ معزز سینیٹر یہ ثابت کریں کہ کون سا آفیسر رشوت لیتا ہے۔ تو کیا اب سینیٹروں کا کام انٹی کرپشن کا رہ گیا ہے ہم سارا دن یہی کام کرتے رہیں کہ کون رشوت لیتا ہے یا کون نہیں لیتا ہے اس طرح تو میرے خیال میں سینیٹرز کا استحقاق مجروح ہوا ہے تاہم وزیر صاحب اگر یہ کہتے ہیں کہ یہ ڈیوٹی سنبھال لیں تو میں چیلنج کرتا ہوں کہ انشاء اللہ ایک مہینے میں ان کو کئی لوگ پکڑوا کر دے دوں گا۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ حافظ صاحب، میرا خیال ہے کہ وزیر صاحب کے اس

بیان کی روشنی میں یہ انتظار کر لیں کہ وہ کچھ تحقیقات کر کے ایوان کو بتا دیں، کہ ایکسچینج میں کیا ہو رہا ہے۔ اس کے بعد اس کو دیکھیں گے۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین! بد قسمتی یہ ہے کہ تحریک استحقاق ہو یا تحریک التواء ہم وہ بعینہٖ پڑھتے ہیں اور جو بیان ٹی اینڈ ٹی یا انکے محکمے والے بنا کر دیتے ہیں ان کو وہ پڑھتے ہیں۔۔۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا میں اس کے لئے بھی حاضر ہوں ۱۸ تاریخ کو کوئٹہ جا رہا ہوں۔

حافظ حسین احمد: جناب منسٹر صاحب نے فرمایا کہ جو ٹیلیفون کنکشن انہوں نے کاٹ دیئے ہیں ان کا ریکارڈ نہیں ہے۔ اور وہ ہمیں بتائے بغیر دے دیتے ہیں۔ میں ان سے پھر پوچھنا چاہتا ہوں کہ پھر وہ بیس ہزار کون لیتا ہے۔ اگر ان کو بتائے اور انکے ریکارڈ میں لائے بغیر وہ بیس ہزار پہ ٹیلیفون لگوا دیتے ہیں جس طرح انہوں نے کہا تو وہ بیس ہزار کس کی جیب میں ڈالتے ہیں۔ جبکہ محکمے کو ان کا پتہ نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے غلط بیانی کی ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ میں چیلنج کرتا ہوں انہوں نے غلط کہا ہے چار ہزار نو سو ۹۰ ٹیلیفون نہیں لگے۔ یہ انہوں نے چھ مہینے پہلے جب اجلاس ہوا تھا تو انہوں نے 4990 کہا، یہ پرانا ان کے پاس ریکارڈ ہے میں یقیناً اگر آج 50 وزراء اور 60 مشیر، سریاب روڈ پہ بھرتی ہوں تو ایک گھنٹے کے اندر ان کے ٹیلیفون لگائے جاتے ہیں تو اب مجھے بتایا جائے کہ وہ دس ٹیلیفون ان کو الاٹ کئے جاتے ہیں۔

اس میں تیسری بات یہ ہے کہ اگر ڈیمانڈ نوٹس جاری کیا ہے تو ان کے رولز میں یہ ہے کہ وہاں پر آپ کے پاس گنجائش نہیں ہے تو پھر آپ کیا چھ چھ/آٹھ آٹھ مہینے پہلے ان لوگوں کو ڈیمانڈ نوٹس جاری کر دیتے ہیں؟

جناب چیئرمین : حافظ صاحب ان دو کنکشنز کے ڈیمانڈ نوٹس issue ہو گئے ہیں ؟

حافظ حسین احمد : جناب میں نے تحریک استحقاق کے ساتھ لگا دیئے تھے انکی copies لگا دی تھیں بنک میں انہوں نے پیسے جمع کرا دیئے تھے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا ! یہ صورتحال نہیں تھی ڈیمانڈ نوٹ اگر آپ منگوا لیں اور اس کی شرائط ذرا پڑھ لیں ڈیمانڈ نوٹ کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ڈیمانڈ نوٹ مل گیا تو ٹیلیفون دوسرے دن لگ جائے گا۔۔۔

جناب چیئرمین : Normally تو یہی ہوتا ہے کہ۔۔۔

Muhammad Azam Khan Hoti: That is an agreement Sir, that is an agreement between the department and the subscriber.

جناب والا ! ڈیمانڈ نوٹ کا یہ مطلب نہیں آپ منگوا کر اس کی شرائط دیکھ لیں۔ جہاں تک انہوں نے کہا کہ چھ مہینے پہلے میں نے یہ کہا تھا 4900، جناب والا ! چھ مہینے پہلے بھی یہ پوزیشن تھی 4990، اور آج بھی یہ پوزیشن ہے۔ جب تک باقی T&T کی lines یہ لگنی ہیں یہ نہیں لگیں گی تو جناب والا ! یہی پوزیشن رہے گی اور میں یہاں تک تیار ہوں کہ کوئٹہ میں حاضر ہو رہا ہوں۔

حافظ حسین احمد : جناب چیئرمین صاحب چھ مہینے پہلے آپ کوئٹہ کے جتنے سینیٹر صاحبان ہیں آپ انکوائری کریں اس کے بعد اسی ٹیلیفون ایکسچینج سے کوئٹہ شہر کو چھ نمبر کے انہوں نے سینکڑوں الاٹ کئے۔

جناب چیئرمین : حافظ صاحب مجھے بتائیں ناں کہ اسکی باقاعدہ کمیٹی بٹھائی جائے یا۔۔۔

حافظ حسین احمد : جناب یہ ایک میرا مسئلہ نہیں ہے یہ مسئلہ تمام سینیٹروں کا ہے۔

Mr. Chairman : O.K. then I hold this to be in order, this will got to the Privileges Committee for investigation. Next اس پر کانجو صاحب نے بیان دینا تھا this is regarding the statement by President Mujadadi and then the subsequent statements by yourself and Mr. Laleka جہاں تک مجددی صاحب کا تعلق ہے میں نے پہلے ہی کہہ دیا ہے ان کے بارے میں، میں نے نہ ہی کوئی admit کیا ہے اور نہ ہی میں اس کو relevant سمجھتا ہوں But it is relevant so far as the statement of the Minister is concerned تو آپ نے اس پہ کچھ کہنا ہے تو فرمائیں؟

چوہدری امیر حسین : جناب قاضی صاحب کی غیر موجودگی میں انکا بیان غیر موزوں ہے۔ التواء میں کر دیں۔

جناب چیئرمین : جی ہاں قاضی صاحب نہیں ہیں تو اس کو موخر کر دیتے ہیں so this stands deffered until the presence of Qazi Hussain Ahmad Sahib. Now we come to next Privilige Motion ٹھیک ہے۔ اگلا پریویلج موشن شہزاد گل صاحب کا تھا تو اس کے بارے میں سپیکر صاحب سے بات کی ہے یا نہیں پراونشل اسمبلی میں شہزاد گل صاحب کے بارے میں تحریک استحقاق ہے۔

چوہدری امیر حسین : سر، میں تو تھا نہیں مجھے علم نہیں۔

جناب چیئرمین : پتہ کر لیں مجھے اطلاع ملی ہے کہ ایڈمٹ وہاں پہ نہیں ہوا ہے لیکن آپ تصدیق کر لیں۔

So this is also deffered. Next adjournment motion No. 21, by Iqbal Haider sahib.

ADJOURNMENT MOTIONS

(I) RE: ROOF COLLAPSE OF INTERNATIONAL GATEWAY EXCHANGE

Syed Iqbal Haider: Mr. Chairman, it is reported in daily JANG, Lahore, dated 10th March, 1992, that the roof of the International Gateway Exchange, Lahore, has fallen down due to the defective construction and the services of the Telecommunication remained suspended for 10 hours. It is also reported that the roof of the building was declared dangerous but no attention was paid by the department concerned for general public and need immidiate discussion in this august House.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Opposed Sir.

Syed Iqbal Haider: Sir, the fact is that this is a newly constructed building and its roof and the construction was declared as defective and dangerous. This news item was neither refated by the department of the Minister Incharge nor, Sir, any enquiry in this serious case of open, wether corruption was conducted, that a new exchange building is being constructed and its roofs, Sir falling down and what begger and clear proof of courruption is required? That before it is inhabited completely, the whole building is collapsing and no action is being taken. That is why, there is a promotion of corruption by the Government and the people suffer on account of their taxation, on account of loss of the amenities and the facilities that they were entitled to it. The exchange was public property and I would like the Minister to hold an enquiry and not only punish the builder and contractor but also those directors of his department who had given the completion certificate for the building, who had approved the construction. They all should be punished in Special Terrorist Court.

Mr. Chairman: Yes, Hoti Sahib.

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا یہ حقیقت ایسے نہیں ہے جنگ نے ۱۰ مارچ کو یہ رپورٹ شائع کی ہے جس بلڈنگ میں وہ ایکسچینج تھی اور اب بھی ہے وہ پرانی ہے PTC کے پاس پہلے کئی ایسی buildings ہیں جو اس کی اپنی نہیں کرائے پر لی ہوئی تھیں۔ جب سے یہ PTC بنی اور expansions ہو رہی ہیں کوشش کی جا رہی ہے کہ اپنی buildings بنائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ چھت نہیں گری۔

جناب والا ! چھت سے پلاستر کا ۲/۳ کلو ایک ٹکڑا گر گیا تھا اور گرا بھی وہاں پر جہاں پر ROP، Remote Operator position جہاں سے انٹر نیشنل کالز بک کی جاتی ہیں۔ اور انٹر نیشنل گیٹ وے اسلام آباد کو دی جاتی ہیں اس کے نزدیک گرا چونکہ وہاں لوگ بھی بیٹھتے ہیں اور equipment بھی اس قسم کا ہے کہ کسی چیز کے گرنے سے اس کا نقصان ہو اور R.O.P ہے ROP کو shift کرنے میں تین چار گھنٹے لگے تو اس میں کچھ وقت لگا اور اس دوران 102 bookings پہ ہوتی رہیں۔ اور وہ ڈائریکٹ انٹر نیشنل گیٹ وے اسلام آباد بھی کر رہا تھا اور لاہور بھی 102 پہ کر رہا تھا۔ اس لئے اس کا کوئی متبادل انتظام نہیں کیا کہ اس کے نزدیک ہی دوسرا نیا exchange بن رہا ہے اور اگلے مہینے وہاں پہ شفٹ ہو رہے ہیں تو اس وجہ سے اسی بلڈنگ کے اندر اس کو shift کر دیا دوسری طرف، اور جب یہ exchange اگلے مہینے یا اس ماہ کے آخر میں تیار ہو رہا ہے تو پورا exchange وہاں shift ہو رہا ہے اس کے ساتھ ہی Remote Operator Position, for International booking یہ بھی ساتھ shift ہو جائے گا۔ چھت نہیں گری تھی تھوڑا سا ٹکڑا گرا تھا۔ اس کی انکوائری کرائی ہے۔

Mr. Chairman: Factually then, this report is incorrect that the roof has fallen and in the light of the statement of the honourable Minister, you do not press. No pressed. Next adjournment motion ! Iqbal Haider, on the reported loss suffered by PNSC on the awarding of contract for transportation of Iron Ore No. 48.

(II) RE: AWARD OF CONTRACT FOR TRANSPORTATION OF IRON ORE NO. 48.

Syed Iqbal Haider: Sir, it is reported in the weekly Friday Times of April 2nd to 8th, 1992 that loss of millions of dollars has been caused to Pakistan Steel Mill and the Government of Pakistan, as a result of flagrant breach of the multimillion dollars freight contract awarded by Pakistan National Shipping Corporation to Messrs Alinshoriabulk Carrier, a company owned and controlled by an Indian National Zahid Bohra for transportation of iron ore from Brazil, India, venezuela and Mauritania. It is also shocking that quotation of the Company of the said Indian national was much higher than other bidders. This is open favouritism by the Government, as he has defaulted in performance of his obligations under the contract and the greater irony is that it is not the first time that the default has been committed by the above company which was backlisted by the Goverment in October, 1991.

M's M. M. Marine, the brokers of the carriers named above were blacklisted by the government in October, 1991 only because of the default of their Principal Carriers Bulk Nova under the contract awarded to them for carriage of fertilizer from Tampa. One month later, the same broker was again pre-qulaified to represent M/s. Al-Insharia, a company recently incorporated by the said Indian national in Libera.

The entire transaction smacks of blatant corruption, favouritism and violation of laws, rules and procedure and deserves to be discussed in the House.

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Opposed, Sir.

Mr. Chairman: It is being opposed. Yes, Iqbal Haider Sahib.

Syed Iqbal Haider: Briefly, I would say Sir, to save time of this honourable House, because most of the contents I have already stated. The undisputed facts are that the same agent was blacklisted for default in only October, 1991 and now the same

agent represents another shipping company and his quotation, alright the company is owned by an Indian national may be not be so much relevant for the present government but he fact was that his quotation was fourth highest and despite being high bidder, the contract was awarded, I want the reasons and justifications for awarding on that account. Secondly, even then he has defaulted again and he is not completing his contractual obligations and no action has been taken, neither his performance bond has been invoked, nor his bid money has been confiscated and the result of blacklisting is of no effect because the last time when he was blacklisted he cleaned himself by, may be, buying some other security bond or presenting some other security bonds for converting his blacklisting in to white. Sir, this is not the only case. There are innumerable cases of similar nature, in which the open favouritism is done, contractors do not discharge their obligations. Huge, colossal loss of millions of dollars is being caused and no action is being taken to redress the grievances.

Mr. Chairman: Thank you. Minister for Communications.

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب چیئرمین اس سے پہلے کہ میں چند ایک حقائق بیان کروں، تھوڑا سا پیچھے آپ کو لے جانا چاہتا ہوں۔ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن جب نیشنلائیز ہوئی ۱۹۷۴ء میں یہی لوگ تھے جنہوں نے اس کا بیڑہ غرق کیا۔ (مداخلت)۔۔۔ میں خوش نہیں ہوں۔ رونے کی بات ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب حافظ صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

حافظ حسین احمد: جناب رولز کے مطابق یہ کسی کو اشارہ نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین: رولز کے مطابق کراس ٹاک بھی نہیں ہو سکتی۔ جی جناب بہرہ ور سعید صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جو میرے دوست نے پوائنٹ اٹھایا ہے میں سمجھتا ہوں اس لئے کیا ہے کہ اس میں انڈین نیشنل انوالو ہے۔ جس کو اس کے ساتھ بہت زیادہ ہمدردی ہے۔ اور اس پر انہوں نے فرمایا بھی کہ موجودہ حکومت کو تو نہیں، مطلب یہ ہے

کہ سابقہ حکومت تو ضرور تھی۔ تو میں مبارک باد پیش کرتا ہوں جناب۔۔۔۔

جناب چیئر مین : میں اس کو پوائنٹ آف آرڈر نہیں مانتا جناب وزیر مواصلات۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا! ۱۹۸۳ء میں اس وقت ایک کمیٹی بنائی گئی۔ جناب اے جی این قاضی اس وقت سٹیٹ بینک کے گورنر تھے جو کہ ان کی سربراہی میں بنائی گئی کہ وجوہات دیکھی جائیں کہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کیوں خسارے میں جا رہی ہے اور اس کے جہاز کیوں بیٹھتے جا رہے ہیں اور اس کو سپورٹ کرنے کے لئے کیا اقدامات کئے جائیں؟ اس کی findings کی روشنی میں پھر کچھ فیصلے ہوئے کہ جتنے بھی edible oil ہیں، فرٹیلائزر، ویٹ اور جتنا پبلک سیکٹر میں سامان آتا ہے یہ پی این ایس سی کو دیا جائے۔ اس کے تحت پھر یہ iron ore جو ہے پاکستان سٹیل ملز کے لئے جو منگوایا جاتا ہے یہ پی این ایس سی کے تھرو ہو۔ کراچی میں سات کمپنیاں ہیں جو ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہیں اور ایک ایک ایجنٹ کمپنی کئی کئی فارن شپنگ کمپنیز کو ریپریزنٹ کرتی ہے۔ جس ایم ایم میرن کا یہ ذکر کر رہے ہیں یہ ان میں سے ایک کمپنی ہے۔ درست فرمایا کہ بلک لووا ایک شپنگ کمپنی تھی جس کو وہ ریپریزنٹ کرتے تھے۔ اس کے علاوہ ایک نیوکس ہے جو جاپانی ہے اور جو ابھی تک پی این ایس سی کے ساتھ کام کر رہی ہے اور بڑا اچھا کاروبار ان کا چل رہا ہے۔ جس کے بارے میں یہ فرما رہے ہیں، الانشاریہ، یہ کمپنی ہے شپنگ، جس کے مالک انڈین اور یجن ہیں زاہد وورا ان کا نام ہے۔ لیکن ہیڈ کوارٹر وہ لنڈن میں ہیں۔ انہوں نے bid کیا دو لاکھ ستر ہزار میٹر ٹن نودیبو موریطانیہ سے اور ایک لاکھ پچاس ہزار ٹن گووا سے اس پروسیجر کا یہ ہے کہ اوپن بڈز آتی ہیں، پھر evaluation کمیٹی یہ پی این ایس سی کے ڈائریکٹر کمرشل اور ڈائریکٹر شپ مینیجمنٹ اور اس طرح چند ایک افراد اس کو evaluate کرتے ہیں۔ ان کا lowest bid تھا جو گووا کے لئے تھا وہ کوئی چھ اعشاریہ انتالیس ڈالرز پر میٹرک ٹن اور نودیبو کے لئے کوئی سولہ اعشاریہ ننانوے پر میٹرک ٹن، یہ lowest ان کی bid آئی۔ اور lowest bidder کی حیثیت سے ان کو یہ کانٹریکٹ دیا گیا۔ باقاعدہ performance bond لیا گیا۔ یہ کہ

Bulk Nova کی وجہ سے واقعی ایم ایم میرین جو ان کے ایجنٹ ہیں وہ ایجنٹ وہاں پر direct bidding بھی ان کے لئے brokage کرتے ہیں اور behalf پہ ان کے negotiate کرتے ہیں۔ Bulk Nova چونکہ ڈیفالٹر تھا اس وقت، اس کی وجہ سے بلیک لسٹ ہوا۔ لیکن اس نے پھر plea لی اور اپیل کی کہ میں صرف Bulk Nova کو represent نہیں کرتا میں اور کمپنیز کو بھی represent کرتا ہوں۔ لھذا اس plea پر کہ Bulk Nova نے ڈیفالٹ کیا، بانڈ ادھر تھا according to the rules اس کے ساتھ ڈیل کیا گیا۔ لیکن صرف اس وجہ سے کہ ایک کمپنی among the companies which he represents اس کی وجہ سے اس کو بلیک لسٹ کیا جائے تو یہ زیادتی ہے۔ کیونکہ باقی کمپنیز جو ہیں وہ satisfatorily کام کر رہی ہیں۔ اس لئے اس سے بین اٹھایا اور اس الانشاریہ کو یہ کنٹریکٹ ملا جو جنوری ۱۹۹۲ء سے اگست ۱۹۹۲ء تک اس نے کمپلیٹ کرنا ہے۔ اس کے بعد اس نے کوئی defaulting نہیں کی۔ اس کی باقی کمپنیز جو وہ ریپریذنٹ کر رہا ہے انہوں نے بھی کوئی ڈیفالٹنگ نہیں کی اس میں نہ تو کوئی بے قاعدگی ہوئی ہے اور نہ کوئی اس میں قاعدے کے خلاف بات ہوئی ہے۔ جہاں تک رہا اس پر اعتراض کہ انڈین اوریجن ہیں اور اس کو کیوں یہ ٹھیکہ دیا گیا؟ میں نے کہا based in London فارن کمپنیز ہیں، کہیں بھی بیسڈ ہو جائیں، شپنگ میں یہ قدغن نہیں رکھی جاتی ویسے بھی جناب والا اس پر تو یہ اعتراض نہیں کر سکتے انڈین اوریجن ہے تو اس کو کیوں کام دیا گیا؟ انڈین اوریجن یہاں پر وزیر اعظم ہو کر گئے ہیں۔ کرئی بڑی بات تو نہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ وہ factually کہتے ہیں کہ درست نہیں ہے۔ lowest bid تھی اور وہ جو آپ کہہ رہے ہیں کہ ڈسکوالیفائی کیا گیا ہے وہ فرمارہے ہیں کہ اس کی اپیل تھی۔

Syed Iqbal Haider: Sir, he has played with two different figures. The honourable Minister has mentioned that one separate bid was received for a different origin. Sir, the main point that

require consideration and investigation is the overall bid of this company. I say with responsibility and without fear of contradiction, that it was the fourth highest and it was not the lowest bid. And this Al-Insharia has also defaulted.

Mr. Chairman: If there is a difference of opinion on a factual matter then parliamentary practice is, I take the Minister's statement to be correct.

Syed Iqbal Haider: Sir, it may be investigated by the Committee.

Mr. Chairman: What you are moving is an adjournment motion. On adjournment motion, the Minister's statement, as to facts, is taken as correct.

Syed Iqbal Haider: Suppose Sir, if I.......

Mr. Chairman: Then there are other avenues open to you, کمیٹی میں آپ لے جائیں، آپ عدالت میں لے جائیں۔ آپ سوال پوچھ لیں۔ اور طریقے بھی تو ہیں ناں۔

سید اقبال حیدر: جناب یہ تو بڑا سنگین مسئلہ ہے کیونکہ۔۔۔۔

I wan't let any Minister get away by this mere statement, I would very much like that in view of the importance of this contract, at least, the Minister be kind enough to show the four bids that he has received to show that they were.....

(Interruption)

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Sir, I am not bound to show the bids.....

Syed Iqbal Haider: At least the Minister be kind enough to show the four bids that he had received, to show that they were the lowest and to show that there was no default.

جناب چیئرمین: منسٹر کی جو سٹیٹمنٹ ہوتی ہے۔ وہ پارلیمنٹری پریکٹس ہے کہ we take it as factually correct ہم اس پر proceed کرتے ہیں۔ آپ کو اختلاف ہے تو اور طریقے ہوتے ہیں۔

سید اقبال حیدر : اور اگر ان کا سٹیٹمنٹ غلط ثابت ہو۔

جناب چیئرمین : پھر آپ جو پروسیجر ہے اس کے مطابق کارروائی کریں۔
procedure is open to you جی جناب امیر حسین صاحب۔

چوہدری امیر حسین : جناب والا! میں یہ quote کروں گا Kaul Page 421-

An Adjournment motion does not lie when facts ae in dispute or before they are available when government disputes the fact stated in the notice of the adjournment motion, the Speaker accepts the government's version

جناب چیئرمین : This is correct اس میں یہ ہے کہ اور طریقے آپ کے پاس ہیں۔ in view of the fact کہ factually وہ اسے dispute کر رہے ہیں تو therefore, I would say that this is not in order ہاں ہاں اور طریقے ہیں۔ آپ کوئسچن پوچھ سکتے ہیں۔ کمیٹی کے چیئرمین سے آپ رابطہ کریں کہ بھئی اسے کریں۔
so,there are so many avenues.

سید اقبال حیدر : فوٹو کاپنگ مشین ہماری کافی مدد کرے گی۔

جناب چیئرمین : نیکسٹ ہے میر عبدالجبار خان صاحب کا On the complaints against PTC regarding persistent faults in Telephone lines یہ پھر ٹیلی فون کا ہے۔ میرے خیال میں اسے بھی اس کے ساتھ ہی شامل کر لیتے ہیں جو پہلے ایڈمٹ کیا اس میں بھی دیکھ لیں؟ یہ پڑھ دیں جی۔

(iii) Re: Digital Telephone Exchange of Quetta — Out of Order

میر عبدالجبار : بسم اللہ الرحمن الرحیم میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر ایک نہایت ہی اہم عوامی مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے۔ مسئلہ کچھ یوں ہے کوئٹہ شہر میں جب سے ڈیجیٹل ٹیلی فون exchange شروع ہوا ہے کوئٹہ کے تقریباً ۴۰ فیصد ٹیلی فون خراب رہتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے ٹیلی فون ایسے ہیں جو ہفتوں سے ڈیڈ پڑے ہیں۔ شکایت درج کرنے اور بار بار توجہ دلانے کے باوجود انہیں درست نہیں

کیا جاتا۔ علاوہ ازیں انکوائری نمبر ۱۷ کی گھنٹی مسلسل بجتی رہتی ہے اور اسے کوئی اٹینڈ نہیں کرتا۔ سپروائزرز سٹاف سے شکایات کے باوجود ٹیلی فون مسلسل اور متواتر انگیج رہتے ہیں۔ اس صورت حال کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ کوئٹہ شہر میں پہلے دس ہزار ٹیلی فون تھے جو بڑھ کر اب پینتیس ہزار ہو چکے ہیں۔ اور لائن سٹاف جو پہلے ہی کم تھا۔ اس میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ دوسرے جنرل مینجر اور محکمہ کے افسران کی باہمی چپقلش نے صورت حال کو مزید تشویشناک بنا دیا ہے۔ جس کی وجہ سے کوئٹہ شہر کے صارفین سخت پریشان اور مضطرب ہیں۔ اس صورت حال کے پیش نظر کوئٹہ کے اخبارات میں آئے دن بیانات اور اداریئے شائع ہو رہے ہیں۔ کوئٹہ کے درج ذیل اخبارات میں شائع ہونے والے بیانات کے تراشے منسلک ہیں۔ بلوچستان ٹائمز، زمانہ، مشرق کوئٹہ، جنگ کوئٹہ، پھر مشرق اور جنگ کوئٹہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ ? Is it being opposed

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Opposed.

Mr. Chairman: It is being opposed اس میں آپ نے جو مسائل اٹھائے ہیں۔

حافظ حسین احمد: جناب والا! میرا بھی اسی کے ساتھ ہی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کا بھی اسی کے ساتھ ہی ہے؟ جی فرمایئے۔ آپ کا بھی اسی کے ساتھ ہی ہے۔

حافظ حسین احمد: روزنامہ مشرق کوئٹہ مورخہ ۲۱ اپریل روزنامہ جنگ کوئٹہ ۱۹ اپریل، زمانہ کوئٹہ مشرق کوئٹہ بائیس چودہ اپریل۔ بلوچستان ٹائمز وغیرہ کے مطابق کوئٹہ میں ٹیلی فون شہریوں کے لئے وبال جان بن چکا ہے۔ سینکڑوں ٹیلی فون خراب پڑے ہیں۔ ان میں ریلوے اسٹیشن، سول ہسپتال، ڈائریکٹر تعلقات عامہ کے دفاتر اور گھر کے نمبر، مگر تحریری اور زبانی شکایات پر عمل درآمد نہیں کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ ٹیلی فونز

کے بل اور اس میں درج رقومات ہوشربا ہیں۔ ان بلوں میں پاکستان پریس انٹر نیشنل کوئٹہ پی پی آئی کے بیورو چیف جناب اعظم کے ٹیلی فون بل بھی شامل ہیں۔ کوئٹہ شہر میں اکثر ٹیلی فون کئی ماہ سے خراب ہیں اور ۴۵ فیصد غلط نمبر ملتے ہیں۔ ٹیلی فون کا عملہ صرف یہی جواب دے رہا ہے کہ جناب ہم پر کافی لوڈ ہے اور آپ اوپر بات کریں۔ لیکن کس سے بات کی جائے کیونکہ فون تو ویسے ہی خراب ہیں۔ یہ انتہائی اہم عوامی مسئلہ ہے اس لئے اجلاس کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی اجازت دی جائے۔

جناب چیئرمین : جی جناب وزیر صاحب۔

(Pause)

جناب چیئرمین : وہ بات تو ہو گئی ناں اب آپ بتائیں تا کہ۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : وہ اور کچھ نہیں کہیں گے اپنے دلائل میں؟

جناب چیئرمین : کیا کہیں۔ اتنی تفصیل سے انہوں نے کہہ دیا ہے۔ درحقیقت مجھے اس میں ٹیکنیکلی پرابلم نظر آتا ہے۔ Adjournment motion should be on a specific issue اس میں آپ نے تین چار مسئلے اٹھائے ہیں کہ چالیس فیصد فون خراب رہتے ہیں۔ ۱۷ کا آپ نے کہا ہے پھر آپ نے کہا ہے سپروائزر کے فون بھی engage رہتے ہیں پھر آپ نے کہا ہے کہ دس ہزار سے پینتیس ہزار ہو گئے ہیں۔ یہ اور مسئلہ ہے۔ پھر آپ نے کہا ہے کہ سٹاف میں اضافہ نہیں ہوا۔ تو پانچ چھ مسائل آپ نے تحریک التواء میں اٹھائے ہیں۔ جی پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب والا! بلوچستان سے ہمارے دوست آئے ہیں۔ وہ remote area ہے۔ تو کافی مسائل اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ یہ ایک ہی موشن میں آگئے ہیں اس سے کوئی فرق نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین : میں چاہتا ہوں کہ کم از کم یہ وضاحت ہو جائے۔ but I just wanted to point out that technically these are the problems that you will have to aswer جی جناب وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا میں بھی ٹیکنیکل استعمال کروں۔ کیونکہ اس

پر اعتراف ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین : نہیں آپ یہ factually بتا دیں کیونکہ اخباروں میں ایڈیٹوریل آ رہے ہیں۔ سارے لوگ پریشان ہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا! کچھ حقائق بھی ہوتے ہیں۔ کچھ بات ہوتی ہے لیکن کچھ زیادتی بھی ہو جاتی ہے۔ اب جیسے انہوں نے فرمایا کہ ۴۰ فیصد فون خراب ہیں۔ کیونکہ نیا faulty exchange جو لگا ہے۔ اب اگر میں ان سے کہہ دوں کہ ٹوٹل ایکسچینج کے پانچ فیصد نمبر مجھے دے دیں جو faulty ہیں۔ یا دس فیصد۔۔۔

جناب چیئرمین : یہ کہاں سے دیں گے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی : نہیں دیں گے۔ یہ صرف اخبار میں پڑھ لیتے ہیں۔ تراشے ہوتے ہیں۔ ان کے تو اپنے معاملات ہوتے ہیں۔ جناب والا! میں دونوں کو کلب کر کے بات کر رہا ہوں۔ ایک تو یہ ہے کہ جب بھی نیا ایکسچینج لگتا ہے اور کمیشن ہوتا ہے اس پر لوڈ جب ٹرانسفر کیا جاتا ہے تو یقیناً کچھ دنوں کے لئے تکلیف ہوتی ہے۔ اس میں کچھ چھوٹے چھوٹے faults erupt ہوتے ہیں۔ ایک یہ وجہ ہے یہ جو faulty connections کی بات کر رہے تو جہاں ٹیلی فون والے کھدائی کرتے جاتے ہیں اور اپنی لائنیں بچھاتے چلے جاتے ہیں۔ ساتھ کارپوریشن یا میونسپل کمیٹی والے۔ کبھی پانی کے پائپ کبھی کچھ۔ اس کی وجہ سے بھی۔ ایک کیبل میں تقریباً ایک ہزار کیبل دوڑ رہی ہوتی ہیں۔ وہ جس بیدردی سے مارتے ہیں کدال کو تو اس سے ایک کیبل بھی ڈیمیج ہو جائے تو اس کی وجہ سے ہزار ٹیلی فون ڈسکنکٹ ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ شہروں میں جناب والا جہاں پر ایکسٹینشن ہوتی ہے ٹیلی فونز کی اس کی cable line جو ہے یہ ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ نہیں کرتا۔ یہ مقامی کارپوریشن یا جو بلدیاتی ادارے ہیں وہ چارج کرتے ہیں ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ کی وہ نالیاں کھودتے ہیں۔ یہ صرف کیبل بچھاتے ہیں۔ پھر بند وہ نہیں کرتے اور سارا الزام محکمہ ٹیلی فون پر آتا ہے۔

اب ہم نے صوبائی حکومت سے بات کی ہے کہ جناب والا ہم آپ کو گارنٹی دیتے ہیں کہ آپ ہمیں خود کام کرنے دیں اپنے ٹھیکیداروں کے ذریعے ہم cable laying کریں گے اور آپ کو گارنٹی دیتے ہیں کہ تین دن کے اندر دوبارہ اس کی surfacing کریں گے reinstatement کریں گے surface کی اب شاید وہ مان رہے ہیں کیونکہ لوگوں کو تکلیف ہو رہی ہے۔ ایک تو اس کی وجہ سے کہ کام ٹیلی فون کا بھی چل رہا ہے۔ ساتھ گیس کا پانی کا بھی چل رہا ہے۔ بار بار ان میں سے فالٹ پیدا ہو جاتے ہیں۔ جناب والا جہاں تک ۱۷ کا تعلق ہے۔ میں اس دن بھی اعتراف کر چکا ہوں کہ میرے ساتھ بھی یہ تجربہ ہوا۔ کل میں نے خود رنگ کیا تو تین چار منٹ نہیں اٹھایا۔ میں نے کوشش کی اور جہاں نہیں اٹھایا میں نے ۱۷ کے پورے کے پورے پینل کو suspend کیا ہے۔ سپروائزرز کو۔ حتیٰ کہ میں نے ڈیوٹی آفیسرز لگا دیئے آفیسرز لیول کے کہ ۱۸، ۱۷، ۱۰۹ پر آفیسرز ڈیوٹی دیں گے۔ ڈیوٹی آفیسرز ہوں گے تاکہ کارکردگی بہتر سے بہتر ہو سکے۔ میں نے کمپیوٹرائزڈ ڈکشنری کی بات کی تھی اس پر بھی کام ہو رہا ہے۔ کراچی میں شروع ہو جائے گا پھر لاہور میں۔ اور اس طرح پھیلاتے جائیں گے۔ اس سے یہ تکلیف رفع ہو جائے گی۔ جہاں تک رانگ بلنگ کا تعلق ہے۔ کچھ واقعی ہوتے ہوں گے۔ ڈیجیٹل ایکسچینج میں رانگ بلنگ کا امکان نہیں ہے۔ کیونکہ in-built computerized system ہے۔ جب بل آتا ہے تو اس کے ساتھ کہ کتنے منٹ آپ نے بات کی کتنے پیسے ہیں اور کہاں کہاں آپ نے بات کی۔ کس نمبر پر بات کی۔ جہاں پر پرانا analogue system ہے EMD exchanges اس میں یقیناً میں مانتا ہوں کہ کچھ بے قاعدگیاں ضرور ہوتی ہوں گی۔ یہاں تو ہم جب تک ڈیجیٹل پر نہ چلے جائیں۔ یا بلنگ کے سسٹم کو ہم ڈی سینٹرلائز کر کے ایکسچینج لیول پر لے جائیں یا پھر ہم بلنگ کو پرائیویٹائز کر دیں کہ accurate billing آ سکے۔ اس وقت تک یہ مسائل رہیں گے۔ جہاں تک انہوں نے کہا کہ عملہ کم ہے۔ اور ٹیلی فون زیادہ ہو گئے ہیں۔ ریکروٹمنٹ پر بین ہے۔ جونہی یہ اٹھتا ہے۔ میں بڑی بیتابی سے انتظار کر رہا ہوں۔ کوئی پانچ چھ ہزار ویکینسیز ہیں۔ ان پر لوگ آئیں اور ہمارا بھی کام ہو

جائے۔ اور واقعی جتنی ایکسٹینشنز ہو رہی ہیں اس کے حساب سے سٹاف کم ہے جناب والا۔

جہاں تک wrong billing اور پھر اس کو correct کرنے کا تعلق ہے تو divisional level پر اور regional level پر vigilance committees ہیں اور پھر Federal level پر بھی، اب divisional level پر مقامی divisional engineers اور اس کے ساتھ کچھ لوگ، regional level پر تو G.M. concerned جو ہے اس کا چیئرمین، Speaker, Provincial Assembly اس کا ممبر جناب والا، Accountant General of the concerned provice, one Senator اب جیسے بلوچستان کے کیس میں سینیٹر فصیح الدین ہیں اور پھر اس کے بعد ایک representative chamber of commerce پھر Senior Accounts Officer ان کی ایک vigilance committee ہے جو اس قسم کی اپیلوں پر غور کرتی ہے۔ اگر correction کی ضرورت ہو تو correction کرتی ہیں۔ یقیناً تسلیم کروں گا کہ کچھ کوتاہیاں بھی ہوں گی محکمے کی کیوں کہ جو بھی privilege motion آتا ہے جناب والا آپ دیکھیں کہ وہ کسی اخباری بیان کی بنیاد پر ہوتا ہے معزز رکن جو ہیں خود اپنی معلومات اکٹھی نہیں کرتے اگر یہ خود آگے آئیں۔ یہ ہمارے بزرگ ہیں اور اتنے ہی ذمہ دار ہیں جتنی ہماری ذمہ داری ہے اگر یہ خود جائیں خود تحقیق کریں۔ آکر نشاندہی کریں اور پھر اس پر کارروائی نہ ہو تو پھر یہ گلہ کر سکتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: یہ تحریک التواء تو پہلے نمٹا لیں۔

میر عبدالجبار: جناب میں نے خود تحقیق کی ہے ایسی بات نہیں ہے کہ تحقیق نہ کی ہو۔

جناب چیئرمین: دیکھیں اس میں انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ غلطیاں ہیں، مسائل ہیں اس کی انہوں نے وجوہات بتائی ہیں اس لئے زیادہ مناسب یہ ہو گا کہ آپ ۱۹۴ کے

تحت اس کی موشن لے آئیں ڈسکس کر لیں کیوں کہ اگر تحریک التواء جس طرح میں نے آپ کو کہا کہ آپ اس میں بہت سی چیزوں کی نشاندہی کر رہے ہیں یعنی ۵، ۶ ایسے ایشوز ہیں جس پر detailed discussion کی ضرورت ہے یعنی Adjournment Motion qualify نہیں کرتا لیکن اب taken up for discussion تا کہ سارے محکمے کی کارکردگی خصوصاً بلوچستان کوئٹہ کی اس پر discussion ہو جائے ۱۹۴ کے تحت آپ لے آئیں تا کہ یہ ڈسکس ہو جائے کیوں کہ بہت سی شکایات سامنے آرہی ہیں۔

میر عبدالجبار : میں صرف اتنا عرض کرتا ہوں آپ کے ارشادات درست ہیں۔ اس کو ہم ۱۹۴ کے تحت لائیں گے مگر بار بار ہمارے بزرگ محترم قابل عزت ہیں ہمیں ان کا بہت احترام ہے انہوں نے مسلسل تین چار مرتبہ فرمایا کہ اخباری بیانوں پر ہمارا یقین ہے ہمیں کچھ پتہ نہیں غالباً ہم یہاں ایسے ہی بیٹھے ہوئے ہیں۔ جناب والا! ہمیں ہر چیز کا علم ہے اگر یہ فرماتے ہیں تو میں ان کو جا کر موقعے پر دکھا سکتا ہوں کہ ٹیلی فون بند پڑے ہوئے ہیں میں ان کی شکایات دکھا سکتا ہوں جناب والا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا! میں گزارش کرنا چاہتا ہوں میں اس کے لیے بھی تیار ہوں کہ تمام صوبوں میں ریجنل سطح پر سینیٹر صاحبان کی مقامی کمیٹیاں بنا دی جائیں کہ وہ پرفارمینس دیکھ کر اس قسم کی شکایات کو سامنے لائیں۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے آپ بنائیں اس میں ایم این ایز کو بھی شامل کریں۔

سید عباس شاہ : I disagree with this proposal ہمارا یہ کام نہیں ہے کہ we become the committee members ایسی کمیٹیاں کہ سارا دن کس کس ڈیپارٹمنٹ کو۔۔۔ This is the system we follow in this Parliament that by news items, by complaints of the people, by other information, we come here and we raise the issues. If the Minister or the Government can satisfy us, so the public is satisfied and if they cannot satisfy us, then the issue is raised.

اور جیسا کہ آپ نے کہا کہ ۱۹۴ کے تحت my motion is there to discuss the issue.

جناب چیئرمین : آج ہے۔

سید عباس شاہ: آج ہے۔ But I don't think, it will come up, but at the next time آپ اسکو نمبر ایک پر کرلیں because there are so many complaints, and it will be good for them.

جناب چیئرمین : ۱۹۴ کا موشن ہے اس پر زیادہ تفصیل سے بحث بھی ہو سکتی ہے۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین مین گزارش کروں گا۔ جس طرح انہوں نے کہا کہ شکایات کے لئے کمیٹی بنائی جائے میں نے بھی اخبار کا تراشہ دیا ہے اگر آپ اسے دیکھیں تو وہ کمشنر صاحب کا ہی بیان ہے جو انہوں نے مقرر کیے ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ تو خود بھی تسلیم کررہے ہیں کہ بہت ساری چیزیں ہیں۔

حافظ حسین احمد : وہ تو پھر جب تسلیم کررہے ہیں مجھے پتہ نہیں ہے کہ انہوں نے کہا بل غلط ہے وہ تسلیم کرتے ہی لائنیں غلط ہیں وہ تسلیم کرتے ہیں ، عملہ کم ہے وہ تسلیم کرتے ہیں ، ملازمتوں پر پابندی ہے وہ تسلیم کرتے ہیں پھر انہوں نے اپوز کس طرح کیا؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا ! میں نے یہ تسلیم نہیں کیا کہ تمام غلطیاں ہیں میں نے کہا کہ کہیں کہیں پر غلطی ہوگی وہ میں تسلیم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : حافظ صاحب زیادہ مناسب ہو گا اس کو آپ as a discussion لے آئیں تاکہ تفصیل سے آپ کی بات بھی ہو جائے اور ان کی بات بھی ہو جائے۔

حافظ حسین احمد : اس کے لئے آپ وقت مقرر کریں۔

جناب چیئرمین : وہ ۱۹۴ کا آرہا ہے۔

چوہدری امیر حسین : پھر آپ پریس نہیں کرتے؟

حافظ حسین احمد : جی۔

جناب چیئرمین : تحریک التوا کا آدھا گھنٹہ آج ختم ہو گیا آئٹم نمبر ۲ خلیل الرحمان صاحب۔

Ch. Amir Hussain: Disposed of as not pressed.

Mr. Chairman: Not pressed.

Next Item No.2, Mr. Khalil-ur-Rehman.

NEW RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE SENATE 1988

Mr. Khalil-ur-Rehman: Sir, I beg to move:—

"That the proposed new rule 142A in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, as reported by the Committee on Rules of Procedure and Privileges, be taken into consideration at once."

Mr. Chairman: It has been moved :—

"That the proposed new rule 142A in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, as reported by the Committee on Rules of Procedure and Privileges, be taken into consideration at once."

Is it being opposed ?

Ch. Amir Husssain: Not opposed.

Mr. Chairman: Not opposed.

Please explain it briefly as to what it is and then I will put it to the House.

Mr. Khalil-ur-Rehman: In that case, Sir, I take the liberty of not only thanking you but congratulating you on behalf of the House to have told the bells of such a human issue in annals of this august House. I, once again, thank this honourable House for supporting this move and sending it to the Rules of Procedure and Privileges Committee and I am very grateful to the Rules and Privileges Coommittee's chairman and the Members for giving it an obsolute unanimous support. I have special sense of appreciation for Ministry of Interior who went alongwith the move and supported it and last, but not the least, Sir, my special thanks to my friend

Ch. Ghafoor, the Minister for Law with whom I pleaded with to go along with the move in the interest of democracy. I am glad that he, in all his wisdom, his sagacity, his grace and his off handed manners, succumbed to my entreaties and please.

Sir, I think, it would be only fair to tell this House as to what prompted this move? Because to my mind, this is the main reason. I think it happened in all European Parliaments when I was one of the speakers-the subject was Democracy and Human Rights. Now-a-days, Mr. Chairman, go hand in hand and they have become an integral part of each other. Now most of the speeches there had grass on the tones for the Third World Countries and they have occasional remarks against Pakistan. So, I therefore, decided to prepond the idea of Human Rights Committees in the Parliament. I suggest that these committees should coordinate with the Local Social Action Groups at domestic level and should cooperate with the International Human Rights Commission. It was a well-received idea and later on I was approached by the Human Rights Experts and Champions and Pandits and they said that if we could being about this situation in Pakistan, Pakistan's image shall be brightened to quite an extent as far as the Human Rights are concerned. So, therefore, I diverted some of my efforts in that direction. I went through various Charters, reports, surveys, analysis, collected datas and met various sorts of people who were connected with Human Rights issues at home and abroad.

Sir, what is said that a lot of allegations have come against Pakistan as far as Human Rights are concerned. The consensus of opinion is that the Pakistan's march towards ideal basic human right has been lagging far behind as compared to the countries of equivalnt level. The State has shown a very little sensitivity or insist in accepting the international Human Rights standards and public partly because of ignorance and partly because of their pre-occupation with day-to-day routine hard works going they have been feeling hypothetic.

Sir, we have been accused of not being able to remove the deficiencies in our Constitution, and that the country's laws are not in conformity with the International Human Rights Standards. Now this Sir, has opened up not only a pandora's box but it has resulted in an absolute pathos. Every inside and outside agency justly or unjustly has been able to produce this issue at every stage, to the detriment of Pakistan's image at home and abroad, in fact, throughout the world and we, Sir, feel humiliated, degraded and quite embarrassed on these forums whether they have been held here or abroad. There is no one to answer these questions effectively. There is no one to remove this anamely, there is no one body of people to represent Pakistan at an international level.

There is not a single body of people to represent Pakistan at the international level when these charges are made. This move Sir, was based upon the situation arising from a situation where we had lot of allegations against us. So, the aim of this committee is to seek the truth, to counter the onslaught based upon facts and help the government in providing the correct analysis for rectification and implementation.

جناب چیئرمین یہ اس motion کا پس منظر تھا یہ تحریک کیسے وجود میں آئی۔ میں نے اس پر ایک چھوٹا سا پیپر کہیں analysis کہیں وائٹ پیپر کہیں وہ لکھا ہے جو اس کی تاریخ، اس کا جمہوریت سے تعلق، اس کے فوائد اس میں ہے اگر ہاؤس اس کی اجازت دیتا ہے اس پر اکیڈمک ڈسکشن کی ضرورت........

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اپوز نہیں ہوا۔ آپ نے بیان کر دیا۔ now I will put it to the House. کیونکہ oppose بھی نہیں ہوا۔

Mr. Khalil-ur-Rehman: Thank you, Sir.

Mr. Chairman: First I will put the motion before the House.

It has been moved by Khalil-ur-Rehman that the proposed new rule 142A in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 as reported by the Committee on Rules of Procedure and Privileges be taken into consideration at once.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : The motion is adopted. Now the motion is that Rule 142A forms part of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : Rule 142A forms part of the Rules of Procedure and Conduct of Business in thee Senate 1988.

آئٹم نمبر ۳ پڑھ دیں جی۔

Mr. Khalil-ur-Rehmand: Sir, I beg to move that the proposed new rule 142A in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 be passed.

Mr. Chairman: It has been moved by Senator Khalil-ur-Rehman that the proposed new rule 142A in the Rules of Procedure and Conduct of business in the Senate, 1988 be passed.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The Rule is passed. This now forms part of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988.

Now item No.4, Alam Ali Laleka Sahib, Raja Muhammad Afzal Khan Sahib, Khawaja Muhammad Asif, Malik Muhammad Hayat and Muhammad Zafar-ur-Haque to move,

میرے خیال میں ایک موو کردے باقی اس کی تائید کر دیں۔

THE CUTTING OF TREES PROHIBITION ACT, 1992

Mr. Alam Ali Laleka: Sir, I beg to move:

"that the bill Cutting of Trees Prohibition Act 1992, as passed by the National Assembly of Pakistan and Transmitted to the Senate, also circulated amongst the members of the Senate, be taken into consideration."

جناب چیئرمین : راجہ افضل خان صاحب موجود ہیں۔ موجود نہیں ہیں۔ خواجہ آصف صاحب آپ تائید کرتے ہیں ملک حیات صاحب آپ تائید کرتے ھیں اور راجہ ظفر الحق صاحب آپ تائید کرتے ہیں۔ اس پر آپ کوئی مختصراً بیان دینا چاہیں گے کہ یہ کیا ہے۔

چوہدری امیر حسین : گورنمنٹ کی طرف سے اپوز نہیں ہو رہا۔

جناب چیئرمین : بہرحال مختصراً بیان کر دیں۔

میاں عالم علی لالیکا : جناب والا پاکستان کے external frontiers پر ممانعت کٹائی امتناع ۱۹۷۵ء سے لاگو ہے جس سے بیرونی سرحد کے ۵ میل ادھر کوئی ادھر اپنی زمین سے کوئی درخت نہیں کاٹ سکتا ماسوائے اس کہ کہ وہ فوج والوں سے اجازت لے اور فوج

والے بارڈر پولیس اور رینجرز کے ذریعے سے اس کو ایکو سایز کرتے ہیں۔ درختوں کی کٹائی پر پابندی نے بارڈر بیلٹ پر رہنے والوں کو معاشی طور پر بھی یوں تباہ حال کیا ہے کہ بارڈر بیلٹ میں رہنے والا کوئی آدمی اس ۵ میل کہ ایریا میں درخت لگانے کو تیار نہیں ہے۔ جو کہ ان لوگوں کی فاضل آمدنی کا ایک ذریعہ بن جایا کرتا ہے جناب والا بارڈر بیلٹ کے ۵ میل ایریا میں رہنے والے لوگ محب وطن لوگ ہیں بجائے اس کے کہ ان کو مشکوک نظروں سے دیکھا جائے اور ان پر ایسی کڑی پابندیاں عائد کر دی جائیں جو ان کے لیے suffocating ہو۔ جو ان کے لیے حبس پیدا کر دیں جو ان کے لیے مصیبت پیدا کر دیں حکومت ان کی suffocating کو اپنی پالیسیوں میں شامل نہ کرے۔ جناب والا۔ اس بل میں امنڈمنٹ کرنے کا مقصد بھی یہی ہے پہلے یہ تھا کہ ۵ میل کے ایریا میں کوئی آدمی درخت نہیں کاٹ سکے گا اب اس بل میں یہ پروویژن دے دی گئی ہے کہ دو زون بنا دیئے گئے ہیں چار میل کا اور ۸ میل کا۔ چار میل میں طے کر دیا گیا ہے کہ ہر زمیندار ۱۵ درخت اپنے ایک ایکڑ میں رکھے گا اس سے زیادہ جو درخت ہونگے وہ کاٹ لے گا۔ ۸ میل کا جو سیکنڈ زون ہے اس میں یہ قرار دے دیا گیا ہے کہ ہر آدمی اپنے ایک ایکڑ میں دس درخت لازمی رکھے گا۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ڈیفینس کے لیے درختوں کی ضرورت ہے۔ لیکن جہاں ڈیفینس کے لیے درختوں کی ضرورت ہے وہاں بارڈر ایریا میں رہنے والوں لوگوں کو انکی ضروریات کے لیے بھی درختوں کی ضرورت ہے ان کی سوختنی ضروریات ہیں ان کی گھریلو ضروریات ہیں ان کی ہمہ قسم کی ضروریات ہیں۔ جناب والا۔ پہلے یہ تھا کہ کوئی آدمی اپنی ہی زمین سے اپنا ہی کاشت کیا ہوا اپنا ہی لگایا ہوا درخت اپنی ہی ضرورت کے لیے کاٹ لے تو تین سال اسے سزا ہو سکتی ہے۔ اب اس سزا کے اندر تخفیف کر کے جو فسٹ زون ۴ میل والا ہے اس میں ۵ ہزار روپیہ ایک درخت کے کاٹنے کی سزا مقرر کی ہے اور جو ۸ میل والا ایکسٹرنل زون ہے اس میں ڈھائی ہزار روپیہ سزا مقرر کی ہے جناب والا۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ رینجرز کا کوئی بھی آدمی کسی کے خانہ آباد پر جا کر چھاپہ مار کر چاہے لکڑی بیس سال پرانی پڑی ہو اٹھا کر لے آیا کرتا تھا اب اس کو ناقابل دست اندازی بارڈر

پولیس بنا دیا گیا۔ صوبائی حکومت ایک ایجنسی مقرر کردیگی جو اس پر چیکنگ کریگی جو اس پر کنٹرول کریگی جو اس کو regulate کرے گی اور پھر اس کو وہ گرفتار نہیں کر سکیں گے بارڈر پولیس والے پکڑ نہیں سکیں گے وہ اپنے نا جائز اختیارات اور نا جائز تسلط اور اپنے حوائج ضروریہ کی تکمیل ان پر سختی کر کے پوری نہیں کر سکیں گے۔ جناب والا دیہات اور دیہات کے ارد گرد سایے کی ضرورت ہوتی ہے اس میں کچھ اور پرابلمز ہو جاتی ہیں اس میں بھی ہم نے اس کو مستثنیٰ کر دیا ہے۔ مرکزی حکومت نے دیہات اور دیہات کے ارد گرد جو درخت ہیں ان پر کوئی ایسی پابندی لاگو نہیں ہو گی۔ جناب والا یہ اس کے اغراض و مقاصد ہیں۔

Mr. Chairman: Anybody else opposing it ?

جناب منظور احمد گچکی : پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین صاحب میں نہیں سمجھتا کہ لالیکا صاحب جو ہیں وہ اس کی حمایت کر رہے ہیں یا اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : نہیں نہیں وہ سپورٹ کر رہے ہیں یہ ان کا اپنا بل ہے۔

جناب منظور احمد گچکی : وہ تو prohibition کا ہے۔

جناب چیئرمین : انہوں نے فرمایا ہے کہ جو ایکٹ موجودہ ہے اس کے تحت ۵ میل کے اندر کوئی درخت کاٹتا ہے تو تین سال سزا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ لوگوں کو بہت تکلیف ہے اس میں یہ امنڈمنٹ لا رہے ہیں اور امنڈمنٹ کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم دو زون propose کر رہے ہیں ایک چار میل کا اور دوسرا ۸ میل کا اس میں سزائیں بھی کم کر دی ہیں۔ بہرحال اس پر بہت سارے لوگ بولنا چاہتے ہیں۔ راجہ صاحب بل کے موور ہیں باقی وہ ایکس پلین کر دینگے۔

راجہ محمد ظفر الحق : جناب چیئرمین یہ امنڈمنٹ نہیں ہے بلکہ نیا بل ہے اور قومی اسمبلی میں یہ پرائیویٹ بل میں یاسین وٹو صاحب نے پیش کیا تھا اور وہ وہاں پاس ہوا اور وہ پھر سینٹ کو بھیجا گیا پہلی گزارش تو یہ ہے۔ دوسرا یہ ہے نیا بل پیش کرنے کی

ضرورت اس لیے محسوس ہوئی ایک طرف تو دفاعی ضروریات کے لیے بارڈر کے اوپر درختوں کی موجودگی ضروری ہے جو ہر ایک ملک اپنے حالات کے مطابق کرتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ جو پہلا ایکٹ تھا وہ اتنا سخت تھا ایک تو درخت کاٹنے کی سزا تین سال دوسرا بغیر کسی کی اجازت کے اس کو ہاتھ بھی نہیں لگا سکتے تھے اس لیے جہاں تک وہاں کے باشندوں اور زمینداروں کی ضروریات تھیں ان کو بھی اور دفاعی ضروریات کو بھی سامنے رکھا گیا تو پھر یہ ایک نیا بل لایا گیا اس بل میں صرف یہ ہے کہ ایک ایکٹر کے رقبے میں جو بارڈر سے ۴ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے ۱۵ درخت فی ایکٹر موجود رہنے چاہئیں اور وہ مارکڈ ہونگے اور اگلا جو چار کلو میٹر ہے اس میں صرف ۱۰ درخت فی ایکٹر موجود ہونے چاہئیں اور اس میں پھر استثنیٰ بھی ہے کہ گھروں کے اندر یا مویشی خانوں میں اگر وہ کوئی درخت رکھتے ہیں یا کاٹ سکیں تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے اسی طریقے سے جو تین سال قید کی سزا تھی اسے گھٹا کر صرف جرمانہ رکھا گیا ہے کہ بہت سختی نہ ہو اس کے ساتھ یہ ہے کہ پہلے صرف فوج سے اجازت لینا پڑتی تھی اور وہ بارڈر پولیس کو convert کر دیتے تھے تو اب یہ ہے کہ صوبائی حکومت کوئی اتھارٹی مقرر کر سکتی ہے جیسے محکمہ جنگلات ہے اس سے اجازت لی جا سکتی ہے تا کہ اس سے وہ کم بھی نہ ہوں اور پھر یہ ہے کہ اس سے prosecution کے لیے بھی وہ ادارہ صوبائی حکومت مقرر کریگی تو اس لحاظ سے یہ دونوں ضروریات دفاع کی ضرورت اور وہ ضرورت دونوں پوری ہوتی ہیں آپ نے حال ہی میں دیکھا ہو گا کہ ابھی عراق کے خلاف جو جنگ ہوئی اس میں یہ بھی کہا گیا کہ چونکہ بارڈر nacked تھے اور باوجود اس بات کے سیٹلائٹ بھی استعمال ہوئے لیکن درختوں کی ضرورت پھر بھی محسوس کی جاتی ہے کہ وہاں ڈیفنس کے لئے ہونے چاہئیں۔

Mr. M. Zahoor-ul-Haq: On point of order. Mr.Chairman! I would like to seek clarification what is the definition of external frontiers of Pakistan. External frontiers of Pakistan, as far as the west side is concerned, is the tribal belt and this act will not be operative there. Therefore, this ambiguity should be removed, if it is going to be a central act....

جناب چیئرمین : بہر حال جب آپ کی باری آئے تو آپ اس پر تفصیل سے بات کر لیں۔ .Let him make a submission پھر آپ کے ذہن میں جو باتیں رہیں وہ بھی آپ کر لیں۔

راجہ محمد ظفر الحق : جناب چیئرمین، external frontiers

(اس موقع پر میڈم ڈپٹی چیئر پرسن نے جناب چیئرمین کی جگہ صدارت فرمائی)

(ڈیسک بجائے گئے)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ جناب راجہ ظفر الحق صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق : اس ایکٹ میں جو external frontiers ہیں وہ وہی ہیں جو Constitution کے اندر موجود ہیں، اس کے علاوہ اس ایکٹ نے کوئی اور external frontiers create نہیں کیا اس لئے یہ disputed معاملہ نہیں ہے اس لحاظ سے یہ جو بل ہے جو قومی اسمبلی سے پاس ہو کر آیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ سینٹ کو اسے پاس کرنا چاہئیے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ اور کوئی اسے سپورٹ کرنا چاہتا ہے۔ جناب ظہور الحق صاحب۔

Mr. M. Zahoor-ul-Haq: This bill pertains to the external frontiers of Pakistan. Sir, I am making a point that the external frontiers of Pakistan are of two types. On the eastern side, we have the fronties, which is governed by the laws passed by the Parliament. On the west side of the frontier is governed by the tribal areas where the President or the Provincial Governors has to extend the laws by regulation. This act is not complete by itself, it will be operative only on the eastern borders. So, if it is going to be operative on the eastern borders, the definitions of external frontiers of Pakistan may be specified. Because as far as the tribal area is concerned, there are lot of forests and this will have no effect there.

راجہ محمد ظفر الحق : میڈم چیئر پرسن صاحبہ، جو ہمارا پچھلا ایکٹ تھا وہ بھی ہمارے eastern border کے بارے میں تھا، یہ بھی انہی کے بارے میں ہے۔

Mr. M. Zahoor-ul-Haq: So, let it be for eastern, let it be the external, So, let it be for the eastern external frontiers of Pakistan.

نہیں operate کرتا ہے، سوات، دیر، چترال میں operate نہیں کرتا ہے اور نہ ہی پارا چنار میں operate کرتا ہے نہ یہ ساؤتھ وزیرستان میں کرتا ہے اور نہ ہی نارتھ وزیرستان میں کرتا ہے۔

جناب چیئرمین: اگر یہ ایکٹ amend ہوگا تو پھر تو یہ واپس جائے گا۔

Mr. M. Zahoor-ul-Haq: I am just clarifying the position, Sir, that this law passed by the Parliament will not be operative in the western borders by virtue of Article 247. Therefore, the eastern frontier should be specified for the operation of this border and not the western borders. On the Quetta side, on the frontier side, on the Balochistan side, these borders are tribal areas.

Madam Deputy Chairman: Mr. Yahya Bakhtiar !

Mr. Yahya Bakhtiar: Thank you Madam Chairman. I think there is no problem at all because in the Frontier Province, the Centrally Tribal Areas, the law of Pakistan is not applicable.So, this is not applicable, like all other laws. So, this creates no problem at all. As far as, Sir, Balochistan is concerned Provincially Administered Area is applied there. So, I think there is no problem at all. Automatically this law will not be applicable in Frontier Province. You are alright, you can cut that or don't cut, as you like.

Madam Deputy Chairman: Yes, honourable Minister.

چوہدری امیر حسین: یہ بل پیش کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی جیسے کہ معزز یحییٰ بختیار صاحب نے فرمایا اور بیرسٹر ظہور الحق کا بھی جو خیال تھا وہ بھی سامنے آ گیا۔ محترمہ جیسے کہ راجہ ظفر الحق صاحب نے فرمایا کہ اس بات کی بڑی ضرورت ہے کہ جس جگہ انڈیا یا کشمیر کا بارڈر لگتا ہے اس کے ساتھ درخت ہونے چاہئیں اور اس کے لئے پہلے قانون موجود تھا، اس کا نقصان یہ ہوا کہ کیونکہ درخت کاٹنے کی ایک سزا مقرر کر دی گئی تھی تین سال، تو اس کی وجہ سے کوئی بھی شخص اپنی ہی زمین پر درخت لگاتا نہیں تھا۔ کیونکہ اسے خطرہ تھا کہ اگر میں نے اپنی ہی زمین پر درخت لگایا اور وہ آندھی سے گر گیا یا میں

نے وہاں سے مسواک کاٹ لی یا اپنی ہل کے لئے کوئی لکڑ کاٹ لی تو مجھے تین سال کی سزا ہو جائے گی۔ اس کا نقصان یہ ہو رہا تھا کہ جو پرانے درخت تھے جو کہ بہت پہلے بارڈر کے ساتھ لگے ہوئے تھے، وہ آہستہ آہستہ ختم ہو رہے تھے اور نئے درخت لگائے نہیں جا رہے تھے۔ چنانچہ جب میاں یاسین وٹو صاحب کی طرف سے یہ بل موو ہوا نیشینل اسمبلی میں، تو اس میں ڈیفینس کے جو آفیسرز ہیں ان کو بھی ایسوسی ایٹ کیا گیا، اسٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جب یہ بل آیا تو اس میں یہ طے ہوا کہ بل کو واپس لیا جائے اور ایک نیا بل تیار کیا جائے۔ یعنی تینوں وزارتوں کو، وزارت ڈیفینس، وزارت قانون اور ایگریکلچر اور فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کو ملا کر ان کے مشورہ سے یہ بل تیار کیا جائے۔ اس بل کو میاں یاسین وٹو نے پائلٹ کیا۔

اس سے پہلے ہم نے ایک سروے کرایا یہ assessment کرنے کے لئے کہ کیا ان تحصیلوں میں یا ان ایریاز میں جو بارڈر کے نزدیک ہیں ان میں درخت زیادہ ہیں یا ان تحصیلوں میں درخت زیادہ ہیں جن کو بارڈر نہیں لگتا۔ اس کے تحت سیالکوٹ کی تحصیل ڈسکہ اور تحصیل سیالکوٹ کا سروے کرایا گیا یعنی یہ دونوں تحصیلیں سیالکوٹ کی ہی ہیں---

---

(اس موقع پر نماز مغرب کی اذان سنائی دی)

Madam Deputy Chairman: The House stands adjourned to meet again after 15 minutes.

[The House adjourned for prayers]

[The House reassembled after interval with the Deputy Chairman (Madam Noor Jehan Panezai) in the Chair]

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری امیر حسین صاحب۔

چوہدری امیر حسین : محترمہ میں بات کر رہا تھا کہ یہ جو بل آج پیش ہوا ہے اس کمیٹی کو پہلے تو میں نے چیئر کیا پھر پریذائیڈڈ ڈیفینس منسٹر کرتے رہے he was very kind اس سے چونکہ ڈیفنس میں بھی یعنی فائدہ ہو گا بارڈرز پر لوگ زیادہ درخت لگائیں گے اور بہت سی ایسی اراضی ہے بارڈر کے قریب جو کہ خالی پڑی ہے تو اس لیے میں گزارش کرتا ہوں کہ چونکہ یہ بڑا فائدہ مند بل ہے اس لیے مہربانی کر کے ہاؤس سے ریکوئسٹ ہے کہ اس کو unanimously pass کیا جائے۔

سید فصیح اقبال : اس کو پاس کریں۔

میڈیم ڈپٹی چیئرمین : سید غوث علی شاہ۔ یہ بل کاشتکاروں کی بہتری کے لئے ہے اور اس میں جتنے بھی aspects defence of view point سے ان کو بھی examine کیا گیا اور عام آدمی کے فائدے بھی examine کئے گئے اس کے بعد یہ بل Standing Committee سے قومی اسمبلی میں آیا جو اب یہاں پاس ہو کر آیا ہے میرے خیال میں اس پر زیادہ بحث کرنے کی کم ہی گنجائش ہے اور اگر ممبران کو اعتراض نہ ہو تو میرے خیال میں یہ پٹ کیا جائے۔

Now it has been moved by Mr. Alam Ali Laleka, Raja Muhammad Afzal Khan, Khawaja Muhammad Asif, Malik Muhammad Hayat and Mr. Muhammad Zafar-ul-Haq :—

"that the Bill to provide for the prohibition of cutting trees near the external frontier of Pakistan, the Cutting of Trees Prohibition Bill 1992, as passed by the National Assembly be taken into consideration."

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: Now we take clause by clause. The question is :

"that clause 2 forms part of the Bill."

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 3 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 4 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 5 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 6 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 7 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 8 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 9 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 10 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 11 forms part of the Bill"

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: The question is :

"that clause 1 preamble, short title extent and commencement do form part of the Bill."

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: Now Item No. 5.

Mian Alam Ali Laleka: I beg to move :—

"that the Bill to provide for the prohibition of cutting of trees near the external frontiers of Pakistan, the Cutting of Trees Prohibition Bill 1992, be passed."

Madam Deputy Chairman: Then next No. 6. Motion moved. The question is :

"that the Bill to provide for the prohibition of cutting of trees near the external frontiers of Pakistan, the Cutting of Trees Prohibition Bill 1992, be passed."

(The motion was adopted.)

Madam Deputy Chairman: Then next No. 6.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں درخواست کروں گی کہ being the only lady member I am also the mover of this Bill. I want to speak on this issue تو میں اگر آپ سے کہوں unfortunately last Sunday کو بھی وسیم سجاد صاحب نہیں تھے تو اس لئے میں درخواست کروں گی کہ اس کو آپ defer کریں اس پر میں بولنا چاہتی ہوں۔

Ch. Amir: Yes agreed.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : لیکن محمد علی ہوتی صاحب ایک بات سنیں۔

سید فصیح اقبال : پوائنٹ آف آرڈر چیئرمین صاحبہ دیکھئیے یہ بل ایک سال سے مکمل یقین دہانیوں کے باوجود، حکومت کی منظوری کے باوجود یہ ہمیشہ التواء میں رہا ہے آپ اس میں دو مرتبہ موجود تھیں آپ کو بھی پتہ ہے اس وقت کوئی پریذائیڈنگ چیئرمین بیٹھے ہوں۔ وہ صدارت کریں اور آپ یہاں آجائیں ممبروں میں آجائیں۔

چوہدری امیر حسین : نہیں آسکتیں۔

سید فصیح اقبال : تو یہ بل مؤخر ہوتا رہے گا آپ کے ہوتے ہوئے معاملہ قتل ہو رہا ہے یعنی عجیب ظلم ہے آج آیا ہے، ہم پاس کرنا چاہتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اسی لئے میں آپ سے یہ کہنا چاہتی ہوں۔ میں آپ کو تو موقع دے دونگی لیکن اس پر میں خود بولنا چاہتی ہوں۔

سید فصیح اقبال : یہ پاس ہو رہا ہے تو آپ بولیں گی کیا؟

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اس پر میں ہر صورت میں بولنا چاہتی ہوں۔ اور یہ رائٹ میں کسی اور کو دینا نہیں چاہتی اس لئے میں بولنا چاہتی ہوں۔

سید فصیح اقبال : میں موور ہوں۔ تینوں موور ہیں۔ جب ہاؤس میں سینس ہے تو پاس ہونا چاہئیے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اس کو ڈیفر کر دیں اور آئیٹم نمبر ۸۔

(مداخلت)

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : پوائنٹ آف آرڈر، یہ بل ایک سال سے مؤخر ہوتا آرہا ہے اور آپ فرماتی ہیں کہ آپ نے خود بولنا ہے اگر یہ ایک ٹیکنیکل پہلو اس میں رکاوٹ ہے۔ اگر ہم ریکوئیسٹ کریں کہ آپ نہ بولیں۔ بات یہ ہے کہ ابھی ایک بل پاس ہوا ایکٹ بن گیا آج ہم سب اس پر متفق ہیں تو بڑی آسانی سے پاس ہو جائے گا۔ ورنہ ایک سال اور لگے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب رحیم مندوخیل صاحب پہلے تو یہ تھا کہ منسٹر صاحب

ان کو کہا کرتے تھے ابھی تو میں خود ہوں۔ میری آج وسیم صاحب سے بات ہوئی ہے۔ میں اس پر بولنا چاہتی ہوں۔Being the only lady member, this right آپ مجھ سے کیسے لے سکتے ہیں؟ میں نے سب سے request کی ہے کہ میں نے بولنا ہے۔ میں خود بھی فصیح صاحب موور ہوں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: آپ چیئر سے اتنے پوائنٹ رکھ سکتی ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: نہیں میں وہ نہیں کر سکتی جو میں بولنا چاہتی ہوں وہ میں اس چیئر سے نہیں بول سکتی۔ بس جی اب میں ڈیفر کر چکی ہوں۔ آئیٹم نمبر ۸ پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

چوہدری امیر حسین: پروفیسر صاحب نہیں ہیں وہ درخواست بھی دے کر گئے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: اس کو بھی ڈیفر کرتے ہیں آئیٹم نمبر ۱۰ سید عبداللہ شاہ صاحب۔

ملک محمد حیات: پوائنٹ آف آرڈر آج ہاؤسنگ منسٹر نہیں ہیں کیا لاء منسٹر صاحب بتا سکیں گے وہ کہاں چھپے ہوئے ہیں۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا میری یہ گزارش ہے۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین: آئیٹم نمبر ۱۰ سید عبداللہ شاہ۔

Syed Abdullah Shah: Madam I think the amendment which I had moved was agreed to be made part of the Bill, that the Government is going to move. So on that understanding that the amendment which I had suggested for this Bill is going to be part of the Government Bill, I am withdrawing it.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: چوہدری امیر حسین صاحب اس کی ہاؤس سے اجازت لینی پڑے گی کہ ہاؤس اس کی اجازت دیتا ہے۔

Ch. Amir Hussain: I am thankful to the honourable Member جو انہوں نے فرمایا ہے گورنمنٹ کی طرف سے جو بل ہو گا اور جو انہوں نے امنڈمنٹ دی ہے اس میں شامل کر لی جائے گی لیکن چونکہ یہ ہاؤس کی پراپرٹی ہے وہ withdraw کرنا چاہتے ہیں - ہاؤس اس کی اجازت دے گا تو that will be withdrawn.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کیا ہاؤس اجازت دیتا ہے ؟

(ہاؤس اجازت دیتا ہے)

The Bill is withdrawn. Next is item No.12.

(Interruption)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : فصیح صاحب فنانس منسٹر صاحب یہاں تشریف نہیں رکھتے تو میرے خیال میں پھر اس کو نیکسٹ ویک کے لئے کرتے ہیں۔ فنانس منسٹر صاحب یہاں تشریف نہیں رکھتے۔

Now the House is adjourned to meet again tomorrow at 10.00 am.

(The House then adjourned to meet again at 10'O clock in the morning on Monday, July 6,1992.)

PCPPI —528(96) Senate—6-3-2000—150.